صحیح مُسلم

ابوالحسین مسلم بن الحجاج القشیری النیسابوری

(۲۰۴ھ-۲۶۱ھ)

www.sirat-e-mustaqeem.net

اردو ترجمہ کے ساتھ

جلد ششم

نور فاؤنڈیشن ربوہ

نام کتاب: صحیح مسلم (اردو ترجمہ کے ساتھ)
جلد: ششم
ایڈیشن: اول
سن اشاعت: اپریل 2010ء
ناشر: نور فاؤنڈیشن ربوہ
پرنٹر: بلیک ایرو پرنٹرز لاہور

www.sirat-e-mustaqeem.net

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ ﷺ

www.sirat-e-mustaqeem.net

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مقدّمہ

حضرت امام مسلم کا پورا نام ابوالحسین مسلم بن الحجاج بن مسلم القشیر ی تھا۔ ابوالحسین آپ کی کنیت تھی اور عساکر الدین لقب تھا۔ آپ قبیلہ بنوقشیر سے تعلق رکھتے تھے جو عرب کا ایک مشہور خاندان تھا۔ اور خراسان کا مشہور شہر نیشاپور آپ کا وطن تھا۔ امام مسلم 204ھ میں پیدا ہوئے۔ لیکن بعض علماء اور مورخین کی تحقیق یہ ہے کہ آپ کی ولادت 206ھ میں ہوئی۔ آپ نے 24 رجب 261ھ کو 55 سال کی عمر میں نیشاپور میں وفات پائی اور وہیں آپ کی تدفین ہوئی۔ آپ کی شہرۂ آفاق تالیف وتصنیف **صحیح مسلم** ہے جس کو بخاری کے بعد اصح الکتب کہا جاتا ہے۔ امام مسلم نے 3 لاکھ احادیث میں سے جانچ پڑتال کر کے تالیف کیا۔ اور یہ احادیث ان کے مجوزہ معیار کے اعتبار سے مستند اور معتمد ہیں۔

صحیح مسلم کے ترجمہ کا عربی متن ہم اس کتاب سے لے رہے ہیں جو **دار الکتاب العربی** بیروت لبنان (طبع اولیٰ 2004) کے نسخہ کے مطابق ہے۔ اس میں 7563 روایات ہیں۔ مگر یہ بات ذہن نشین رہے کہ اس تعداد میں بعض جگہ صرف اسناد کی بحث ہے یا پھر ''مثلہ'' کہہ کر پچھلی حدیث کے ساتھ سند کے مضمون کو ملا دیا گیا ہے۔ جبکہ ترقیم فؤاد عبدالباقی کے مطابق **صحیح مسلم** کی احادیث کی تعداد 3033 بنتی ہے۔ اس ترقیم میں بعض اوقات دو احادیث یا تین احادیث کے مضمون کو اکٹھا کر دیا گیا ہے۔

یہ مدنظر رہے کہ **صحیح مسلم** کے ابواب حضرت امام مسلمؒ کے تجویز کردہ نہیں ہیں جیسا کہ **صحیح مسلم** کے مشہور شارح حضرت امام نوویؒ کہتے ہیں:

''ان ابواب کا عنوان امام مسلم کا تجویز کردہ نہیں ہے۔ بلکہ بعد کے لوگوں نے یہ عناوین مقرر کئے ہیں۔''

(المنہاج شرح مسلم صفحہ 23، 24 دار ابن حزم طبع بیروت ایڈیشن 2002)

ترجمہ کرنا اور خصوصًا مذہبی کتب کا ترجمہ کرنا آسان کام نہیں۔ کیونکہ مذہبی کتب کے ترجمہ میں جہاں متن

www.sirat-e-mustaqeem.net

سے وفاداری کا خیال رکھنا پڑتا ہے وہاں عربی متن کا ایسا لفظی ترجمہ بھی درست نہیں ہوگا جو اصل مفہوم سے دور لے جائے۔ بڑی محنت اور جانفشانی سے ان باتوں کو مدنظر رکھ کر ترجمہ کیا جارہا ہے۔

اس وقت صحیح مسلم کے ترجمہ کا کام جاری ہے۔ جس کی چھٹی جلد کتاب الحج پر مشتمل ہے۔

صحیح مسلم جلد ششم میں ابواب کی ترقیم دارالکتاب العربی بیروت الطبعة الاولٰی کے مطابق ہے۔ باب کے ساتھ 2 نمبرز ہیں۔ بریکٹ والا نمبر ''المعجم المفهرس'' کے مطابق ہے۔ بریکٹ سے باہر والا نمبر ''تحفة الاشراف للمزی'' کے مطابق ہے۔

اسی طرح ہر حدیث کے 3 نمبرز ہیں بریکٹ والا نمبر ''المعجم المفهرس للاحادیث'' کے مطابق ہے اور بریکٹ سے باہر والا نمبر نور فاؤنڈیشن کی قائم کردہ ترقیم کے مطابق ہے۔ اور یہ نمبر مسلسل رہے گا۔ مثلاً جلد اول حدیث نمبر 1 سے 319 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد دوم حدیث نمبر 320 سے 799 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد سوم حدیث نمبر 800 سے 1384 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد چہارم حدیث نمبر 1385 سے 1778 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد پنجم حدیث نمبر 1779 سے 1997 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ چھٹی جلد حدیث نمبر 1998 سے 2470 تک کی احادیث پر مشتمل ہے۔ ساتویں جلد ان شاءاللہ 2471 شروع ہوگی۔ ہر حدیث کے آخر پر جو نمبر دیا گیا ہے وہ صحیح مسلم مطبوعه دارالکتاب العربی بیروت کے مطابق ہے۔

جلد نمبر 6 میں موجود ہر حدیث کی اطراف اور تخریج حاشیہ میں درج کی گئی ہے۔ اطراف سے مراد یہ ہے کہ کوئی حدیث جو مسلم میں موجود ہے وہ مسلم میں اور کہاں کہاں آتی ہے۔ اسی طرح تخریج سے مراد یہ ہے کہ مسلم کے علاوہ وہ حدیث باقی صحاح میں کہاں کہاں موجود ہے۔ ان احادیث کے اطراف اور تخریج کے ساتھ اس بات کی بھی وضاحت کر دی گئی ہے کہ کسی کتاب کی اندرونی تقسیم میں وہ حدیث کس عنوان یا کتاب کے تحت آرہی ہے۔ مثلاً

مسلم جلد 5 کتاب الصیام کی روایت نمبر 1779 کے مضمون کی ایک اور حدیث مسلم کی ہی کتاب کے کتاب الصیام میں حدیث نمبر 1780 باب فضل شهر رمضان میں بھی موجود ہے۔ جس کا ذکر اطراف میں کر دیا گیا ہے۔ اسی طرح مسلم کتاب الصیام کی حدیث نمبر 1779 بخاری میں

www.sirat-e-mustaqeem.net

کتاب الصوم حدیث نمبر 1898 اور 1899 باب هل یقال رمضان او شهر رمضان ومن رأی کله واسعًا میں موجود ہے اسی طرح بخاری کے ہی عنوان کتاب بدء الخلق میں حدیث نمبر 3277 باب صفة ابلیس وجنوده کا مضمون مسلم کی حدیث نمبر 1779 کتاب الصیام باب فضل شهر رمضان کے مطابق ہے۔ مسلم کی احادیث کی اطراف کے لئے نور فاؤنڈیشن کے تجویز کردہ سیریل نمبر کو اختیار کیا گیا ہے۔ بخاری کے لئے ترقیم فتح الباری کو اختیار کیا گیا ہے۔ ترمذی کی احادیث کے نمبر احمد شاکر کی ترقیم کے مطابق ہیں۔ ابو داؤد کی احادیث کے نمبر محی الدین کی ترقیم کے مطابق ہیں۔ نسائی کی احادیث کے نمبر عبدالباقی کی ترقیم کے مطابق ہیں۔ سنن ابن ماجه کی احادیث کے نمبر عبدالباقی کی ترقیم کے مطابق ہیں۔

مترجمین

www.sirat-e-mustaqeem.net

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فہرس

مضامین کا تفصیلی انڈیکس کتاب کے آخر پر ملاحظہ فرمائیں

عناوین		صفحہ نمبر
کتاب الحج		
باب ما یباح للمحرم بحج اوعمرة ومالا یباح وبیان تحریم الطیب علیه	حج یا عمرہ کا احرام باندھنے والے کے لئے جو باتیں جائز ہیں ...	1
باب مواقیت الحج والعمرة	حج اور عمرہ کے میقات کا بیان	9
باب التلبیة وصفتها ووقتها	تلبیہ اور اس کا بیان اور اس کا وقت	14
باب امر اهل المدینة بالاحرام من عند مسجد ذی الحلیفة	اہلِ مدینہ کو مسجد ذوالحلیفہ کے پاس سے احرام باندھنے کا حکم	17
باب الاهلال من حیث تنبعث الراحلة	وہاں سے تلبیہ کہنا جہاں سے سواری کھڑی ہو	19
باب الصلاة فی مسجد ذی الحلیفة	مسجد ذوالحلیفہ میں نماز	22
باب الطیب للمحرم عند الاحرام	مُحرِم کے لئے احرام باندھتے وقت خوشبو لگانا	23
باب تحریم الصید للمحرم	مُحرِم کے لئے شکار کی ممانعت	35
باب ما یندب للمحرم وغیره قتله من الدواب فی الحل والحرم	مُحرِم اور غیر مُحرِم کیلئے حرم سے باہر جن جانوروں کے قتل کی اجازت ہے۔	45
باب جواز حلق الراس للمحرم اذا ...	مُحرِم کے لئے سر منڈوانے کا جواز ...	55
باب جواز الحجامة للمحرم	مُحرِم کے لئے سینگی لگانے کا جواز	61
باب جواز مداوة المحرم عینیه	مُحرِم کا اپنی آنکھوں کے علاج کے جواز کا بیان	62
باب جواز غسل المحرم بدنه وراسه	مُحرِم کے لئے اپنا بدن اور سر دھونے کے جواز کا بیان	64
باب ما یفعل بالمحرم اذا مات	جب مُحرِم فوت ہو جائے تو اس کے ساتھ کیا کیا جائے	65
باب جواز اشتراط المحرم التحلل بعذر المرض ونحوه	مُحرِم کا بیماری اور اس قسم کے عذر کی وجہ سے احرام کھولنے کے لئے شرط مقرر کر لینے کے جواز کا بیان	71

www.sirat-e-mustaqeem.net

احرام النفساء واستحباب اغتسالها للاحرام وكذا الحائض	نفاس والی عورت کا احرام باندھنا اور احرام کے لئے اس کے غسل کرنے کا مستحب ہونا ...	74
باب بيان وجوه الاحرام وانه يجوز افراد الحج والتمتع والقران...	احرام کی متنوع صورتوں حج مفرد، تمتع اور قران ...	76
باب فی المتعة بالحج والعمرة	حج کے ساتھ عمرے کا فائدہ اٹھانا (یعنی حج تمتع)	113
باب حجة النبی ﷺ	نبی ﷺ کے حج کا بیان	115
باب ما جاء ان عرفة كلها موقف	عرفہ سب کا سب ٹھہرنے کا مقام ہے	125
باب فی الوقوف وقوله تعالٰی ثم افيضوا ..	(عرفات میں) ٹھہرنے ...	127
باب فی نسخ التحلل من الاحرام ...	احرام کھولنے کی منسوخی اور (اسے) مکمل کرنے کا حکم	129
باب جواز التمتع	(حج) تمتع کے جواز کا بیان	133
باب وجوب الدم على المتمتع ...	تمتع کرنے والے پر قربانی واجب ہونے کا بیان ...	141
باب بيان ان القارن لا يتحلل الا فی وقت تحلل الحاج المفرد	اس امر کا بیان کہ حج قران کرنے والا احرام نہیں کھولتا ...	143
باب جواز التحلل بالاحصار وجواز القران	روکے جانے کی صورت میں احرام کھولنے کے جواز ...	145
باب فی الافراد والقران بالحج والعمرة	حج مفرد اور حج اور عمرہ کو ملانے (حج قران) کا بیان	150
باب مايلزم من احرم بالحج ثم قدم مكة..	جو حج کا احرام باندھے اور مکہ آئے ...	151
باب ما يلزم من طاف بالبيت وسعى من البقاء على الاحرام وترک التحلل	جو شخص بیت اللہ کا طواف اور (صفا مروہ کے درمیان) سعی کرے ...	154
باب فی متعة الحج	حج تمتع کے بارہ میں بیان	158

www.sirat-e-mustaqeem.net

باب جواز العمرةفی اشهر الحج	باب: حج کے مہینوں میں عمرہ کرنے کا جواز	159
باب تقلید الهدی واشعاره عند الاحرام	باب: قربانی کو گانی پہنانا ...	163
باب التقصیر فی العمرة	باب: عمرہ میں بال کٹوانا	165
باب اهلال النبی ﷺ وهدیه	نبی ﷺ کے احرام باندھنے اور آپؐ کی قربانی کا بیان	168
باب بیان عدد عمر النبی ﷺ وزمانهن	نبی ﷺ کے عمروں کی تعداد ...	170
باب فضل العمرة فی رمضان	رمضان میں عمرہ کی فضیلت کا بیان	173
باب استحباب دخول مکةمن الثنیة العلیاوالخروج منها من الثنیة السفلیٰ...	اس بات کی پسندیدگی کا بیان کہ مکہ میں اوپر کی گھاٹی سے داخل ہو اور نچلی گھاٹی سے نکلے ...	175
باب استحباب المبیت بذی طوی عند ارادة دخول مکة والاغتسال لدخولها ..	مکہ میں داخل ہونے کے ارادہ پر رات ذی طوی میں گزارنے ...	177
باب استحباب الرمل فی الطواف والعمرة ...	طواف میں اور عمرہ میں اور حج کے پہلے طواف میں تیز چلنے کا مستحب ہونا	179
باب استحباب استلام الرکنین الیمانیین فی الطواف دون الرکنین الآخرین	طواف میں دوسرے دو رکنوں کو چھوڑ کر دونوں یمانی رکنوں کو چھونا مستحب ہے	187
باب استحباب تقبیل الحجر الاسود فی الطواف	طواف میں حجر اسود کو بوسہ دینے کے مستحب ہونے کا بیان	190
باب جواز الطواف علی بعیر وغیره واستلام الحجر بمحجن ونحوه للراکب	اونٹ وغیرہ پر (سوار ہو کر) طواف کرنے اور سوار کے لئے حجرِ اسود کو چھڑی وغیرہ سے استلام	193
باب بیان السعی بین الصفا والمروة رکن لا یصح الحج الا به	اس کا بیان کہ صفا اور مروہ کے درمیان سعی کرنا ...	196
باب بیان ان السعی لا یکرر	اس کا بیان کہ (صفا اور مروہ) میں سعی دہرائی نہیں جاتی	202

www.sirat-e-mustaqeem.net

باب استحباب ادامة الحاج التلبية ...	حج کرنے والے کے لئے مسلسل تلبیہ کہنا ...	203
باب التلبية والتكبير في الذهاب من منى الى عرفات في يوم عرفة	عرفہ کے دن منٰی سے عرفات جاتے ہوئے تلبیہ اور اللہ اکبر کہنے کا بیان	207
باب الافاضة من عرفات الى المزدلفة ...	عرفات سے مزدلفہ کی طرف لوٹنے ...	210
باب استحباب زيادة التغليس بصلاة الصبح يوم النحر بالمزلفة ...	قربانی کے دن مزدلفہ میں نماز فجر زیادہ سے زیادہ اندھیرے میں پڑنے کا مستحب ہونا ...	219
باب استحباب تقديم دفع الضعفة من النساء وغيرهن من مزدلفة الى منى ...	عورتوں، کمزوروں کا رات کے آخری حصّہ میں مزدلفہ سے منٰی روانہ ہونے کے مستحب ہونے کا بیان ...	220
باب رمي جمرة العقبة من بطن الوادى ...	جمرۃ العقبہ کو وادی کے نشیب سے کنکریاں مارنا ...	226
باب استحباب رمي جمرة العقبة يوم ...	جمرہ العقبہ کو قربانی کے دن سوار ہو کر کنکریاں مارنا...	229
باب استحباب كون حصى الجمار بقدر حصى الخذف	جمرات کی کنکریوں کا پھینکے جانے والے سنگریزوں کے برابر ہونے کا مستحب ہونا	231
باب بيان وقت استحباب الرمي	کنکریاں مارنے کے مستحب وقت کا بیان	232
باب بيان ان حصى الجمار سبع	اس کا بیان کہ رمی جمار کی کنکریاں سات ہوتی ہیں	232
باب تفضيل الحلق على التقصير ...	بال چھوٹے کروانے پر سر منڈانے کی فضیلت...	233
باب بيان ان السنة يوم النحر ان يرمي ثم ينحر ثم يحلق والابتداء في الحلق...	اس کا بیان کہ قربانی کے دن سنت یہ ہے کہ کنکریاں مارے پھر قربانی کرے ...	237
باب من حلق قبل النحر او نحر قبل الرمي	اس کا بیان جس نے قربانی سے پہلے بال مونڈے یا کنکریاں مارنے سے پہلے قربانی کی	239

www.sirat-e-mustaqeem.net

باب استحباب طواف الافاضة يوم النحر	قربانی کے دن طواف افاضہ کا مستحب ہونا	244
باب استحباب النزول بالمحصب يوم النفر والصلاة به	کوچ کے دن محصّب میں پڑاؤ کرنے اور وہاں نماز ادا کرنے کا مستحب ہونا	245
باب وجوب المبيت بمنى ليالى ايام التشريق ...	ایام تشریق کی راتیں منٰی میں گزارنے کے واجب ہونے اور پانی کا انتظام کرنے والوں کے لئے...	249
باب فى الصدقة بلحوم الهدى وجلودها	قربانیوں کے گوشت اور ان کی کھالیں...	251
باب الاشتراک فى الهدى واجزاء البقرة والبدنة...	قربانی میں اشتراک اور گائے اور اونٹ میں سے ہر ایک (کی قربانی) سات (افراد) کی طرف سے...	253
باب نحر البدن قيام مقيدة	قربانی کے اونٹوں جبکہ وہ کھڑے ہوں اور (ان کے) پاؤں بندھے ہوئے ہوں کو نحر کرنے کا بیان	256
باب استحباب بعث الهدى الى الحرم لمن لا يريد الذهاب بنفسه ...	جو شخص خود جانے کا ارادہ نہ رکھتا ہو اس کا حرم میں قربانی بھجوانے کا مستحب ہونا ...	257
باب جواز ركوب البدنة المهداة لمن احتاج اليها	اس جانور پر جو قربانی کے لئے لے جایا جا رہا ہو سوار ہونے کا جواز جسے اس کی احتیاج ہو	265
باب ما يفعل بالهدى اذا عطب فى الطريق	اس کا بیان کہ قربانی کا جانور جب راستہ میں تھک کر رہ جائے تو اس کا (آدمی) کیا کرے	168
باب وجوب طواف الوداع وسقوطه عن الحائض	طواف وداع کا واجب ہونا اور حائضہ سے اس کا ساقط ہونا	270
باب استحباب دخول الكعبة للحاج وغيره...	حج کرنے والے اور دوسروں کے لئے خانہ کعبہ میں داخل ہونے ...	276
باب نقض الكعبة وبنائها	کعبہ منہدم کرنے اور اس کو تعمیر کرنے کا بیان	283

www.sirat-e-mustaqeem.net

باب الحج عن العاجز لزمانة وهرم ...	کسی مزمن بیماری یا انتہائی بڑھاپے اوران دونوں کی طرح کی کسی چیز یاموت کی وجہ سے حج نہ کر سکنے ...	291
باب صحة ال حج الصبی وجر من حج به	بچے کے حج کے صحیح ہونے ...	292
باب فرض الحج مرة فی العمر	زندگی میں ایک مرتبہ حج کی فرضیت کا بیان	294
با ب سفر المراة مع محرم الی حج ...	حج وغیرہ کے لئے عورت کا مَحرم کے ساتھ سفر کرنا	295
باب ما یقول اذا رکب الی سفرالحج ...	اس بات کا بیان کہ جب حج وغیرہ کے سفر کے لئے سوار ہوتو کیا کہے؟	296
باب ما یقول اذا قفل من سفر الحج ...	جب حج اوردوسرے سفر سے واپس لوٹے تو کیا کہے؟	303
باب التعریس بذی الحلیفة والصلاة ...	ذوالحلیفہ میں رات قیام کرنے ...	305
باب لا یحج البیت مشرک ...	مشرک بیت اللہ کا حج نہ کرے ...	307
باب فی فضل الحج والعمرة ویوم عرفة	حج اورعمرہ اور یوم عرفہ کی فضیلت کا بیان	309
باب النزول بمکة للحاج وتوریث دورها	حج کرنے والوں کے مکہ میں اترنے ...	310
باب جواز الاقامة بمکة للمهاجر منها بعد فراغ الحج...	مکہ سے ہجرت کر جانے والے کے لئے حج اورعمرہ سے فارغ ہونے کے بعد...	314
باب تحریم مکة وصیدها ...	مکہ کی حرمت کا بیان...	317
باب النهی عن حمل السلاح بمکة ...	بلاضرورت مکّہ میں ہتھیار اٹھائے پھرنے کی ممانعت	323
باب جواز دخول مکة بغیر احرام	مکہ میں احرام کے بغیر داخل ہونے کا جواز	323
باب فضل المدینة ودعاء النبی ﷺ ...	مدینہ کی فضیلت اور نبی ﷺ کی دعا ...	326
باب الترغیب فیسکنی المدینة والصبر ...	مدینہ میں رہائش کی ترغیب اوراس کی مشکلات پر صبر	339
باب صیانة المدینة من دخول الطاعون ..	مدینہ کا طاعون اوردجال کے داخلہ سے محفوظ رہنا...	346
باب المدینة تنفی شرارها	مدینہ اپنے شریرلوگوں کو باہر نکال دیتا ہے	347
باب من اراداهل المدینةبسوء اذابه الله	اس بات کا بیان کہ جومدینہ والوں کے لئے بُرا ارادہ کرے	350

www.sirat-e-mustaqeem.net

باب الترغيب فی المدينة عند فتح الامصار	مما لک کی فتح کے وقت مدینہ میں رہنے کی ترغیب	352
باب فی المدينة حين يتركها اهلها	مدینہ کے رہنے والے جب اس کو چھوڑ دیں گے	354
باب ما بين القبر المنبر روضة من رياض الجنة	اس کا بیان کہ مزار اور منبر کے درمیان (کا علاقہ) جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے	355
باب احد جبل يحبنا ونحبه	اس بات کا بیان کہ احد ایک ایسا پہاڑ ہے جو ہم سے محبت کرتا ہے اور ہم اس سے محبت کرتے ہیں	356
باب فضل الصلاة بمسجدی مكة والمدينة	مکہ اور مدینہ کی دو مسجدوں میں نماز کی فضیلت	358
باب لاتشد الرحال الى ثلا ثة مساجد	کجاوے نہیں کسے جاتے مگر تین مساجد کی طرف	363
باب بيان ان المسجد الذی اسس على التقوى	اس بات کا بیان کہ وہ مسجد جس کی بنیاد تقویٰ پر رکھی گئی ہے نبی ﷺ کی مسجد ہے ...	364
باب فضل مسجدقباء وفضل الصلاة فيه ...	مسجد قباء کی فضیلت ...	365

www.sirat-e-mustaqeem.net

بسم اللہ الرحمن الرحیم

كِتَابُ الْحَجِ

حج کے بارہ میں کتاب

[1]1: بَاب: مَا يُبَاحُ لِلْمُحْرِمِ بِحَجٍّ أَوْ عُمْرَةٍ وَمَا لَا يُبَاحُ وَبَيَانِ تَحْرِيمِ الطِّيبِ عَلَيْهِ

باب: حج یا عمرہ کا احرام باندھنے والے کے لئے جو باتیں جائز ہیں اور جو ناجائز ہیں نیز اس کے لئے خوشبو (کے استعمال) کی ممانعت کا بیان

1998{1}حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ قَرَأْتُ عَلَى مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا أَنَّ رَجُلًا سَأَلَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يَلْبَسُ الْمُحْرِمُ مِنَ الثِّيَابِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَلْبَسُوا الْقُمُصَ وَلَا الْعَمَائِمَ وَلَا السَّرَاوِيلَاتِ وَلَا الْبَرَانِسَ وَلَا الْخِفَافَ إِلَّا أَحَدٌ لَا يَجِدُ النَّعْلَيْنِ فَلْيَلْبَسِ الْخُفَّيْنِ وَلْيَقْطَعْهُمَا أَسْفَلَ مِنَ

1998: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا کہ مُحرِم کونسے کپڑے پہنے؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم قمیصیں نہ پہنو اور نہ پگڑیاں اور نہ شلواریں نہ بُرنس[1] اور نہ موزے سوائے ایسے شخص کے جسے جوتیاں میسر نہ ہوں تو وہ موزے پہن لے اور وہ انہیں ٹخنوں کے نیچے سے کاٹ دے اور تم ایسے کوئی کپڑے نہ پہنو جو زعفران یا ورس[2] سے رنگے ہوں۔

1998 :اطراف: مسلم کتاب الحج باب یباح للمحرم بحج او عمرة.....1999، 2000

تخریج : بخاری کتاب العلم باب من اجاب السائل باکثر مما سالہ 134 کتاب الصلاة باب الصلاة فی القمیص والسراویل والتبان والقباء 366 کتاب الحج باب الطیب عند الاحرام ... 1538 کتاب الحج باب ما لا یلبس المحرم من الثیاب 1542 کتاب جزاء =

1: بُرنس: وہ جُبّہ جس کے ساتھ ٹوپی بھی سلی ہوئی ہو۔ انگریزی میں اس کو ڈَفل کوٹ کہا جاتا ہے۔ burnoose:duffel (بحوالہ المورد الوسیط)

2: ورس: زرد رنگ کا پودا جس سے کپڑے رنگتے ہیں۔

www.sirat-e-mustaqeem.net

الْكَعْبَيْنِ وَلَا تَلْبَسُوا مِنَ الثِّيَابِ شَيْئًا مَسَّهُ الزَّعْفَرَانُ وَلَا الْوَرْسُ [2791]

1999{2} وحَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَعَمْرٌو النَّاقِدُ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ كُلُّهُمْ عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ قَالَ يَحْيَى أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ أَبِيهِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يَلْبَسُ الْمُحْرِمُ قَالَ لَا يَلْبَسُ الْمُحْرِمُ الْقَمِيصَ وَلَا الْعِمَامَةَ وَلَا الْبُرْنُسَ وَلَا السَّرَاوِيلَ وَلَا ثَوْبًا مَسَّهُ وَرْسٌ وَلَا زَعْفَرَانٌ وَلَا الْخُفَّيْنِ إِلَّا أَنْ لَا يَجِدَ نَعْلَيْنِ فَلْيَقْطَعْهُمَا حَتَّى يَكُونَا أَسْفَلَ مِنَ الْكَعْبَيْنِ [2792]

1999: سالم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ سے پوچھا گیا کہ مُحرِم کیا پہنے؟ آپؐ نے فرمایا کہ مُحرِم قمیص نہ پہنے نہ پگڑی نہ بُرنس نہ شلوار اور نہ ہی کوئی ایسا کپڑا پہنے جسے ورس یا زعفران سے رنگا گیا ہو اور نہ ہی موزے پہنے سوائے اس کے کہ اسے جوتیاں میسر نہ ہوں تو وہ ان موزوں کو کاٹ لے یہانتک کہ وہ ٹخنوں سے نیچے ہو جائیں۔

=الصّید باب لبس الخفین للمحرم اذالم یجد النعلین 1842 کتاب الجزاء الصیدباب ما ینهی من الطیب للمحرم والمحرمة 1838 کتاب اللباس باب البرانس 5803 باب السراویل 5805 باب العمائم 5806 باب الثوب المزعفر 5847 باب النعال السبتیة وغیرها 5852 **ترمذی** کتاب الحج باب ماجاء فیمالایجوز للمحرم لبسه 833 **نسائی** مناسک الحج النهی عن الثیاب المصبوغة بالورس والزعفران فی الاحرام 2666 النهی من لبس القمیص للمحرم 2667 ، 2669 النهی عن لبس السراویل فی الاحرام 2670 النهی عن ان تنتقب المراء ة الحرام 2673 النهی عن لبس البرانس فی الاحرام 2674 ، 2675 النهی عن لبس العمامة فی الاحرام 2676 ، 2677 النهی عن لبس الخفین فی الاحرام 2678 قطعهما اسفل من الکعبین 2680 النهی عن ان تلبس المحرمة القفازین 2681 **ابوداود** کتاب المناسک باب مایلبس المحرم 1823 **ابن ماجه** کتاب المناسک باب مایلبس المحرم من الثیاب 2929 ، 2930 باب السراویل والخفین للمحرم اذالم یجد ازاراً اونعلین 2932

1999 :اطراف : مسلم کتاب الحج باب یباح للمحرم بحج اوعمرة 1998 ، 2000

تخریج : بخاری کتاب العلم باب من اجاب السائل باکثر مماساله 134 کتاب الصلاة باب الصلاة فی القمیص والسراویل والتبان والقباء 366 کتاب الحج باب الطیب عندالاحرام ... 1538 کتاب الحج باب ما لا یلبس المحرم من الثیاب 1542 کتاب جزاء الصّید باب لبس الخفین للمحرم اذالم یجد النعلین 1842 کتاب الجزاء الصیدباب ما ینهی من الطیب للمحرم والمحرمة 1838 کتاب اللباس باب البرانس 5803 باب السراویل 5805 باب العمائم 5806 باب الثوب المزعفر 5847 باب النعال السبتیة وغیرها 5852 **ترمذی** کتاب الحج باب ماجاء فیمالایجوز للمحرم لبسه 833 **نسائی** مناسک الحج النهی عن الثیاب المصبوغة بالورس والزعفران فی الاحرام 2666 النهی من لبس القمیص للمحرم 2667 ، 2669 النهی عن لبس السراویل فی الاحرام 2670 النهی عن ان تنتقب المراء ة الحرام 2673 النهی عن لبس البرانس فی الاحرام 2674 ، 2675 النهی عن لبس العمامة فی الاحرام 2676 ، 2677 النهی عن لبس الخفین فی الاحرام 2678 قطعهما اسفل من الکعبین 2680 النهی عن ان تلبس المحرمة القفازین 2681 **ابوداود** کتاب المناسک باب مایلبس المحرم 1823 **ابن ماجه** کتاب المناسک باب مایلبس المحرم من الثیاب 2929 ، 2930 باب السراویل والخفین للمحرم اذالم یجد ازاراً اونعلین 2932

www.sirat-e-mustaqeem.net

2000{3} و حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ قَرَأْتُ عَلَى مَالِكٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ دِينَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا أَنَّهُ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَلْبَسَ الْمُحْرِمُ ثَوْبًا مَصْبُوغًا بِزَعْفَرَانٍ أَوْ وَرْسٍ وَقَالَ مَنْ لَمْ يَجِدْ نَعْلَيْنِ فَلْيَلْبَسِ الْخُفَّيْنِ وَلْيَقْطَعْهُمَا أَسْفَلَ مِنَ الْكَعْبَيْنِ [2793]

2000: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے منع فرمایا کہ مُحرِم زعفران یا ورس سے رنگا ہوا کپڑا پہنے اور آپؐ نے فرمایا جسے جوتیاں میسر نہ ہوں تو وہ موزے پہن لے اور انہیں ٹخنوں سے نیچے کاٹ دے۔

2001{4} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَأَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ وَقُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ جَمِيعًا عَنْ حَمَّادٍ قَالَ يَحْيَى أَخْبَرَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ عَمْرٍو عَنْ جَابِرِ بْنِ زَيْدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ

2001: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے وہ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ ﷺ کو خطاب فرماتے ہوئے سنا آپؐ فرما رہے تھے: شلواریں ان کے لئے ہیں جو ازار نہ پائیں اور موزے ان کیلئے ہیں جو جوتیاں نہ پائیں۔ آپؐ کی مراد مُحرِم سے تھی۔

2000 :اطراف: مسلم کتاب الحج باب یباح للمحرم بحج اوعمرة ... 1998، 1999

تخریج : بخاری کتاب العلم باب من اجاب السائل باکثر مماساله 134 کتاب الصلاة باب الصلاة فی القمیص والسراویل والتبان والقباء 366 کتاب الحج باب الطیب عندالاحرام ... 1538 کتاب الحج باب ما لا یلبس المحرم من الثیاب 1542 کتاب جزاء الصّید باب لبس الخفین للمحرم اذالم یجد النعلین 1842 کتاب الجزاء الصیدباب ما ینهی من الطیب للمحرم والمحرمة 1838 کتاب اللباس باب البرانس 5803 باب السراویل 5805 باب العمائم 5806 باب الثوب المزعفر 5847 باب النعال السبتیة وغیرها 5852 **ترمذی** کتاب الحج باب ماجاء فیمالایجوز للمحرم لبسه 833 **نسائی** مناسک الحج النهی عن الثیاب المصبوغة بالورس والزعفران فی الاحرام 2666 النهی من لبس القمیص للمحرم 2667 ، 2669 النهی عن لبس السراویل فی الاحرام 2670 النهی عن ان تنتقب المراء ة الحرام 2673 النهی عن لبس البرانس فی الاحرام 2674 ، 2675 النهی عن لبس العمامة فی الاحرام 2676 ، 2677 النهی عن لبس الخفین فی الاحرام 2678 قطعهما اسفل من الکعبین 2680 النهی عن ان تلبس المحرمة القفازین 2681 **ابوداود** کتاب المناسک باب مایلبس المحرم 1823 **ابن ماجه** کتاب المناسک باب مایلبس المحرم من الثیاب 2929 ، 2930 باب السراویل والخفین للمحرم اذالم یجد ازاراً اونعلین 2932

2001 :تخریج: بخاری کتاب الحج باب لبس الخفّین للمحرم اذالم یجد النّعلین 1841 باب اذا لم یجد الازار فلیلبس السراویل 843 کتاب اللباس باب السراویل 5804 باب النعال السبتیة وغیرها 5853 **ترمذی** کتاب الحج باب ماجاء فی لبس السراویل والخفین للمحرم 834 **نسائی** مناسک الحج النهی عن لبس القمیص للمحرم 2669 قطعهما اسفل من الکعبین 2670 الرخصة فی لبس الخفین فی الاحرام لمن لا یجد نعلین 2679 الرخصة فی لبس السراویل لمن لا یجد الازار 2672 ، 2671 **ابوداود** کتاب المناسک باب مایلبس المحرم 1829 **ابن ماجه** کتاب المناسک باب السراویل والخفین للمحرم اذا لم یجد ازارا او نعلین 2931 ، 2932

www.sirat-e-mustaqeem.net

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَخْطُبُ يَقُولُ السَّرَاوِيلُ لِمَنْ لَمْ يَجِدْ الْإِزَارَ وَالْخُفَّانِ لِمَنْ لَمْ يَجِدِ النَّعْلَيْنِ يَعْنِي الْمُحْرِمَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ يَعْنِي ابْنَ جَعْفَرٍ ح و حَدَّثَنِي أَبُو غَسَّانَ الرَّازِيُّ حَدَّثَنَا بَهْزٌ قَالَا جَمِيعًا حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ بِعَرَفَاتٍ فَذَكَرَ هَذَا الْحَدِيثَ و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ ح و حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا هُشَيْمٌ ح و حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ سُفْيَانَ ح و حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ أَخْبَرَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ ح و حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ عَنْ أَيُّوبَ كُلُّ هَؤُلَاءِ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَلَمْ يَذْكُرْ أَحَدٌ مِنْهُمْ يَخْطُبُ بِعَرَفَاتٍ غَيْرُ شُعْبَةَ وَحْدَهُ [2796,2795,2794]

ایک اور روایت میں (سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ ﷺ يَخْطُبُ کی بجائے) سَمِعَ النَّبِيَّ ﷺ يَخْطُبُ بِعَرَفَاتٍ کے الفاظ ہیں اور صرف شعبہ کی روایت میں ہے کہ آپ ﷺ عرفات میں خطاب فرما رہے تھے۔

2002{5} وحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ يُونُسَ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا أَبُو الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لَمْ يَجِدْ نَعْلَيْنِ فَلْيَلْبَسْ خُفَّيْنِ وَمَنْ لَمْ يَجِدْ إِزَارًا فَلْيَلْبَسْ سَرَاوِيلَ [2797]

2002: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص جوتے نہ پائے وہ موزے پہن لے اور جو ازار نہ پائے وہ شلوار پہن لے۔

www.sirat-e-mustaqeem.net

2003{6}حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ حَدَّثَنَا عَطَاءُ بْنُ أَبِي رَبَاحٍ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَعْلَى بْنِ أُمَيَّةَ عَنْ أَبِيهِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ بِالْجِعْرَانَةِ عَلَيْهِ جُبَّةٌ وَعَلَيْهَا خَلُوقٌ أَوْ قَالَ أَثَرُ صُفْرَةٍ فَقَالَ كَيْفَ تَأْمُرُنِي أَنْ أَصْنَعَ فِي عُمْرَتِي قَالَ وَأُنْزِلَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْوَحْيُ فَسُتِرَ بِثَوْبٍ وَكَانَ يَعْلَى يَقُولُ وَدِدْتُ أَنِّي أَرَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ نَزَلَ عَلَيْهِ الْوَحْيُ قَالَ فَقَالَ أَيَسُرُّكَ أَنْ تَنْظُرَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ أُنْزِلَ عَلَيْهِ الْوَحْيُ قَالَ فَرَفَعَ عُمَرُ طَرَفَ الثَّوْبِ فَنَظَرْتُ إِلَيْهِ لَهُ غَطِيطٌ قَالَ وَأَحْسَبُهُ قَالَ كَغَطِيطِ الْبَكْرِ قَالَ فَلَمَّا سُرِّيَ عَنْهُ قَالَ أَيْنَ السَّائِلُ عَنِ الْعُمْرَةِ اغْسِلْ عَنْكَ أَثَرَ الصُّفْرَةِ أَوْ قَالَ أَثَرَ الْخَلُوقِ وَاخْلَعْ عَنْكَ جُبَّتَكَ وَاصْنَعْ فِي عُمْرَتِكَ مَا أَنْتَ صَانِعٌ فِي حَجِّكَ [2798]

2003: صفوان بن یعلی بن امیہ اپنے والد رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا جبکہ آپؐ جعرانہ میں تھے۔ اس نے جبہ پہنا ہوا تھا۔ اور اس پر خوشبو لگی ہوئی تھی یا کہا زردی کا نشان تھا اس نے عرض کیا آپؐ مجھے کیا ارشاد فرماتے ہیں کہ میں اپنے عمرہ میں کیا کروں؟ راوی نے کہا کہ نبی ﷺ پر وحی نازل ہونے لگی۔ آپؐ پر اوٹ کر دی گئی۔ حضرت یعلیؓ کہا کرتے تھے میں چاہتا ہوں کہ نبی ﷺ کو دیکھوں جب آپؐ پر وحی نازل ہو رہی ہو۔ راوی کہتے ہیں انہوں (حضرت عمرؓ) نے کہا کیا یہ بات تمہیں خوش کرتی ہے کہ تم نبی ﷺ کو اس حال میں دیکھو کہ آپؐ پر وحی نازل ہو رہی ہو۔ وہ (یعلیؓ) کہتے ہیں حضرت عمرؓ نے کپڑے کا ایک کنارہ اٹھایا میں نے آپؐ کو دیکھا آپؐ کی تیز سانس لینے کی آواز آ رہی تھی۔ راوی کہتے ہیں میرا خیال ہے انہوں نے کہا: جوان اونٹ کے سانس لینے کی آواز کی طرح۔ راوی کہتے ہیں جب حضورؐ سے یہ کیفیت دور ہوئی تو آپؐ نے فرمایا عمرہ کے بارہ میں سوال کرنے والا کہاں ہے؟ اپنے سے زردی کا نشان یا فرمایا خوشبو کا نشان دھو ڈالو۔ اور اپنا جبہ اتار دو اور اپنے عمرہ میں ویسے ہی کرو جیسے اپنے حج میں کرتے ہو۔

2003: **اطراف: مسلم** کتاب الحج باب ما یباح للمحرم بحج او عمرة وما لا یباح... 2004، 2005، 2006، 2007
تخریج: بخاری کتاب الحج غسل الخلوق ثلاث مرات من الثیاب 1536 باب یفعل بالعمرة ما یفعل بالحج 1789 باب اذا احرم جا هلًا وعلیه قمیص 1847 کتاب المغازی باب غزوة الطائف فی شوال سنة ثمان 4329 فضائل القرآن باب نزل القرآن بلسان =

www.sirat-e-mustaqeem.net

2004{7} و حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُمَرَ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو عَنْ عَطَاءٍ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَعْلَى عَنْ أَبِيهِ قَالَ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ وَهُوَ بِالْجِعْرَانَةِ وَأَنَا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيْهِ مُقَطَّعَاتٌ يَعْنِي جُبَّةً وَهُوَ مُتَضَمِّخٌ بِالْخَلُوقِ فَقَالَ إِنِّي أَحْرَمْتُ بِالْعُمْرَةِ وَعَلَيَّ هَذَا وَأَنَا مُتَضَمِّخٌ بِالْخَلُوقِ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا كُنْتَ صَانِعًا فِي حَجِّكَ قَالَ أَنْزِعُ عَنِّي هَذِهِ الثِّيَابَ وَأَغْسِلُ عَنِّي هَذَا الْخَلُوقَ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا كُنْتَ صَانِعًا فِي حَجِّكَ فَاصْنَعْهُ فِي عُمْرَتِكَ [2799]

2004: صفوان بن یعلیٰ اپنے والدؓ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا جبکہ آپؐ جعرانہ میں تھے اور میں نبی ﷺ کے پاس تھا۔ وہ شخص سلے ہوئے کپڑے یعنی جبہ پہنے ہوئے تھا اور وہ خوشبو سے معطر تھا اس نے کہا میں نے عمرہ کا احرام باندھا ہوا ہے اور میں نے یہ پہنا ہوا ہے اور میں خوشبو سے معطر ہوں۔ نبی ﷺ نے اسے فرمایا تم اپنے حج میں کیا کرتے ہو۔ اس نے کہا میں یہ کپڑے اتار دیتا اور اپنے سے یہ خوشبو دھو لیتا۔ تو نبی ﷺ نے اسے فرمایا جو تم نے اپنے حج میں کرنا تھا وہی اپنے عمرہ میں کرو۔

2005{8} حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ ح و حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ قَالَا أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ ح و حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ

2005: حضرت یعلیٰؓ حضرت عمرؓ سے کہا کرتے تھے اے کاش! میں نبی ﷺ کو اس وقت دیکھوں جب آپؐ پر وحی نازل ہو رہی ہو۔ جب نبی ﷺ جعرانہ میں تھے اور نبی ﷺ پر ایک کپڑا تھا جس کے ذریعہ

= قریش والعرب 4985 **ترمذی** کتاب الحج باب ماجاء فی الذی یحرم وعلیه قمیص اوجبة 835 **نسائی** مناسک الحج الجبة فی الاحرام 2668 فی الخلوق للمحرم 2709، 2710 **ابوداود** کتاب المناسک باب الرجل یحرم فی ثیابه 1819

2004 :اطراف: مسلم کتاب الحج باب ما یباح للمحرم بحج او عمرة وما لا یباح...2003، 2005، 2006، 2007

تخریج : بخاری کتاب الحج غسل الخلوق ثلاث مرات من الثیاب 1536 باب یفعل بالعمرة ما یفعل بالحج 1789 باب اذا احرم جا هلًا وعلیه قمیص 1847 کتاب المغازی باب غزوة الطائف فی شوال سنة ثمان 4329 فضائل القرآن باب نزل القرآن بلسان قریش والعرب 4985 **ترمذی** کتاب الحج باب ماجاء فی الذی یحرم وعلیه قمیص اوجبة 835 **نسائی** مناسک الحج الجبة فی الاحرام 2668 فی الخلوق للمحرم 2709، 2710 **ابوداود** کتاب المناسک باب الرجل یحرم فی ثیابه 1819

2005 :اطراف: مسلم کتاب الحج باب ما یباح للمحرم بحج او عمرة وما لا یباح...2003، 2004، 2006، 2007 =

www.sirat-e-mustaqeem.net

وَاللَّفْظُ لَهُ أَخْبَرَنَا عيسَى عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ أَخْبَرَنِي عَطَاءٌ أَنَّ صَفْوَانَ بْنَ يَعْلَى بْنِ أُمَيَّةَ أَخْبَرَهُ أَنَّ يَعْلَى كَانَ يَقُولُ لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ لَيْتَنِي أَرَى نَبِيَّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ يُنْزَلُ عَلَيْهِ فَلَمَّا كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْجِعْرَانَةِ وَعَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَوْبٌ قَدْ أُظِلَّ بِهِ عَلَيْهِ مَعَهُ نَاسٌ مِنْ أَصْحَابِهِ فِيهِمْ عُمَرُ إِذْ جَاءَهُ رَجُلٌ عَلَيْهِ جُبَّةُ صُوفٍ مُتَضَمِّخٌ بِطِيبٍ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ كَيْفَ تَرَى فِي رَجُلٍ أَحْرَمَ بِعُمْرَةٍ فِي جُبَّةٍ بَعْدَ مَا تَضَمَّخَ بِطِيبٍ فَنَظَرَ إِلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاعَةً ثُمَّ سَكَتَ فَجَاءَهُ الْوَحْيُ فَأَشَارَ عُمَرُ بِيَدِهِ إِلَى يَعْلَى بْنِ أُمَيَّةَ تَعَالَ فَجَاءَ يَعْلَى فَأَدْخَلَ رَأْسَهُ فَإِذَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُحْمَرُّ الْوَجْهِ يَغِطُّ سَاعَةً ثُمَّ سُرِّيَ عَنْهُ فَقَالَ أَيْنَ الَّذِي سَأَلَنِي عَنِ الْعُمْرَةِ آنِفًا فَالْتُمِسَ الرَّجُلُ فَجِيءَ بِهِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَّا الطِّيبُ الَّذِي بِكَ فَاغْسِلْهُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ

آپؐ پر سایہ کیا گیا تھا۔ آپؐ کے ساتھ آپؐ کے صحابہؓ میں سے کچھ لوگ بھی تھے ان میں حضرت عمرؓ بھی تھے کہ آپؐ کے پاس ایک شخص حاضر ہوا۔ اس نے اونی جبہ پہنا ہوا تھا اور خوشبو لگائے ہوئے تھا اس نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! اس شخص کے بارہ میں آپؐ کا کیا ارشاد ہے جو عمرہ کے لئے احرام باندھتا ہے اس نے جبہ پہن رکھا ہے اور خوب خوشبو لگائی ہوئی ہے؟ نبی ﷺ نے ایک لمحہ اس کی طرف دیکھا مگر خاموش رہے پھر آپؐ پر وحی ہونے لگی تو حضرت عمرؓ نے حضرت یعلیٰؓ کو اپنے ہاتھ سے اشارہ کیا کہ آؤ۔ حضرت یعلیٰؓ آئے۔ انہوں نے اپنا سر اندر کیا تو کیا دیکھا کہ نبی ﷺ کا چہرہ سرخ ہے اور آپؐ بلند آواز سے سانس لے رہے ہیں۔ پھر آپؐ سے وہ کیفیت جاتی رہی۔ آپؐ نے فرمایا وہ شخص کہاں ہے جس نے ابھی مجھ سے عمرہ کے بارہ میں سوال کیا تھا؟ اس شخص کی تلاش کی گئی اور اسے آپؐ کے پاس لایا گیا نبی ﷺ نے فرمایا جو خوشبو تم نے لگائی ہے اسے تین مرتبہ دھو ڈالو اور جبہ اتار دو اور اپنے عمرہ میں ویسا ہی کرو جیسے اپنے حج میں کرتے ہو۔

=**تخریج : بخاری** کتاب الحج غسل الخلوق ثلاث مرات من الثياب 1536 باب يفعل بالعمرة ما يفعل بالحج 1789 باب اذا احرم جا هلا وعليه قميص 1847 كتاب المغازى باب غزوة الطائف فى شوال سنة ثمان 4329 فضائل القرآن باب نزل القرآن بلسان قريش والعرب 4985 **ترمذی** كتاب الحج باب ماجاء فى الذى يحرم وعليه قميص اوجبة 835 **نسائی** مناسک الحج الجبة فى الاحرام 2668 فى الخلوق للمحرم 2709 ، 2710 **ابوداود** كتاب المناسک باب الرجل يحرم فى ثيابه 1819

www.sirat-e-mustaqeem.net

وَأَمَّا الْجُبَّةُ فَانْزِعْهَا ثُمَّ اصْنَعْ فِي عُمْرَتِكَ مَا تَصْنَعُ فِي حَجِّكَ [2800]

2006{9} و حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ الْعَمِّيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ وَاللَّفْظُ لِابْنِ رَافِعٍ قَالَا حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرِ بْنِ حَازِمٍ حَدَّثَنَا أَبِي قَالَ سَمِعْتُ قَيْسًا يُحَدِّثُ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَعْلَى بْنِ أُمَيَّةَ عَنْ أَبِيهِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ أَنَّ رَجُلًا أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ بِالْجِعْرَانَةِ قَدْ أَهَلَّ بِالْعُمْرَةِ وَهُوَ مُصَفِّرٌ لِحْيَتَهُ وَرَأْسَهُ وَعَلَيْهِ جُبَّةٌ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنِّي أَحْرَمْتُ بِعُمْرَةٍ وَأَنَا كَمَا تَرَى فَقَالَ انْزِعْ عَنْكَ الْجُبَّةَ وَاغْسِلْ عَنْكَ الصُّفْرَةَ وَمَا كُنْتَ صَانِعًا فِي حَجِّكَ فَاصْنَعْهُ فِي عُمْرَتِكَ [2801]

2006: صفوان بن یعلیٰ اپنے والد رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا جبکہ آپؐ جعرانہ میں تھے۔ اس نے عمرہ کا احرام باندھا ہوا تھا اور اپنی داڑھی اور سر پر زرد رنگ (کی خوشبو) لگائی ہوئی تھی اور جبہ پہنا ہوا تھا۔ اس نے کہا: یا رسولؐ اللہ! میں نے عمرہ کا احرام باندھا ہے اور میرا حال آپؐ ملاحظہ فرما رہے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا جُبّہ اتار دو اور زرد رنگ اپنے سے دھو ڈالو اور جو اپنے حج میں کرتے ہو وہی اپنے عمرہ میں کرو۔

2007{10} و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ مَنْصُورٍ أَخْبَرَنَا أَبُو عَلِيٍّ عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ حَدَّثَنَا رَبَاحُ بْنُ أَبِي مَعْرُوفٍ قَالَ سَمِعْتُ عَطَاءً قَالَ أَخْبَرَنِي صَفْوَانُ بْنُ يَعْلَى عَنْ أَبِيهِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ

2007: صفوان بن یعلیٰ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے۔ آپؐ کے پاس ایک شخص آیا اس نے جبہ پہنا ہوا تھا جس پر خوشبو کا نشان تھا۔ اس نے کہا: یا رسولؐ اللہ! میں نے عمرہ کا احرام باندھا ہے میں کیا کروں۔ آپؐ

2006 :اطراف: مسلم کتاب الحج باب ما یباح للمحرم بحج او عمرة وما لا یباح ...2003 ، 2004 ، 2005 ،2007

تخریج : بخاری کتاب الحج غسل الخلوق ثلاث مرات من الثیاب1536 باب یفعل بالعمرة ما یفعل بالحج1789 باب اذا احرم جا هلاً وعلیه قمیص1847 کتاب المغازی باب غزوة الطائف فی شوال سنة ثمان4329 فضائل القرآن باب نزل القرآن بلسان قریش والعرب4985 **ترمذی** کتاب الحج باب ماجاء فی الذی یحرم وعلیه قمیص اوجبة 835 **نسائی** مناسک الحج الجبة فی الاحرام 2668 فی الخلوق للمحرم 2709، 2710 **ابوداود** کتاب المناسک باب الرجل یحرم فی ثیابه 1819

2007:اطراف: مسلم کتاب الحج باب ما یباح للمحرم بحج او عمرة وما لا یباح ... 2003 ، 2004 ، 2005 ، 2006 =

www.sirat-e-mustaqeem.net

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَتَاهُ رَجُلٌ عَلَيْهِ جُبَّةٌ بِهَا أَثَرٌ مِنْ خَلُوقٍ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنِّي أَحْرَمْتُ بِعُمْرَةٍ فَكَيْفَ أَفْعَلُ فَسَكَتَ عَنْهُ فَلَمْ يَرْجِعْ إِلَيْهِ وَكَانَ عُمَرُ يَسْتُرُهُ إِذَا أُنْزِلَ عَلَيْهِ الْوَحْيُ يُظِلُّهُ فَقُلْتُ لِعُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ إِنِّي أُحِبُّ إِذَا أُنْزِلَ عَلَيْهِ الْوَحْيُ أَنْ أُدْخِلَ رَأْسِي مَعَهُ فِي الثَّوْبِ فَلَمَّا أُنْزِلَ عَلَيْهِ خَمَّرَهُ عُمَرُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ بِالثَّوْبِ فَجِئْتُهُ فَأَدْخَلْتُ رَأْسِي مَعَهُ فِي الثَّوْبِ فَنَظَرْتُ إِلَيْهِ فَلَمَّا سُرِّيَ عَنْهُ قَالَ أَيْنَ السَّائِلُ آنِفًا عَنِ الْعُمْرَةِ فَقَامَ إِلَيْهِ الرَّجُلُ فَقَالَ انْزِعْ عَنْكَ جُبَّتَكَ وَاغْسِلْ أَثَرَ الْخَلُوقِ الَّذِي بِكَ وَافْعَلْ فِي عُمْرَتِكَ مَا كُنْتَ فَاعِلًا فِي حَجِّكَ [2802]

اس پر خاموش رہے اور اسے جواب نہ دیا جب آپؐ پر وحی نازل ہوتی تھی تو حضرت عمرؓ آپؐ پر کپڑے سے سایہ کر دیتے تھے۔ مَیں نے حضرت عمرؓ سے کہا ہوا تھا کہ میں چاہتا ہوں کہ جب آپؐ پر وحی نازل ہو تو میں اپنا سر آپؐ کے ساتھ کپڑے میں داخل کروں پھر جب آپؐ پر وحی نازل ہوئی تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے آپؐ پر کپڑا ڈال دیا میں آپؐ کے پاس آیا اور اپنا سر آپؐ کے ساتھ کپڑے میں داخل کر دیا اور آپؐ کو دیکھا جب آپؐ سے یہ کیفیت دور ہوئی تو آپؐ نے فرمایا: ابھی جس نے عمرہ کے بارہ میں سوال کیا تھا کہاں ہے؟ وہ آپؐ کے سامنے کھڑا ہو گیا۔ آپؐ نے فرمایا اپنا جبہ اتار دو اور جو خوشبو کا نشان تم پر ہے دھو ڈالو اور اپنے عمرہ میں وہی کرو جو تم اپنے حج میں کرتے۔

[2]2: بَاب مَوَاقِيتِ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ

حج اور عمرہ کے میقات کا بیان

2008{11} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَخَلَفُ بْنُ هِشَامٍ وَأَبُو الرَّبِيعِ وَقُتَيْبَةُ جَمِيعًا عَنْ حَمَّادٍ قَالَ يَحْيَى أَخْبَرَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ

2008: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اہلِ مدینہ کیلئے ذوالحلیفہ اہلِ شام کیلئے جحفہ اہلِ نجد کیلئے قرن المنازل اور

=**تخریج: بخاری** کتاب الحج غسل الخلوق ثلاث مرات من الثیاب 1536 باب یفعل بالعمرة ما یفعل بالحج 1789 باب اذا احرم جا هلًا وعلیه قمیص 1847 کتاب المغازی باب غزوة الطائف فی شوال سنة ثمان 4329 فضائل القرآن باب نزل القرآن بلسان قریش والعرب 4985 **ترمذی** کتاب الحج باب ماجاء فی الذی یحرم وعلیه قمیص او جبة 835 **نسائی** مناسک الحج الجبة فی الاحرام 2668 فی الخلوق للمحرم 2709، 2710 **ابوداود** کتاب المناسک باب الرجل یحرم فی ثیابه 1819

2008: اطراف: مسلم کتاب الحج باب مواقیت الحج والعمرة 2009، 2010، 2011، 2012، 2014 =

www.sirat-e-mustaqeem.net

عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا قَالَ وَقَّتَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَهْلِ الْمَدِينَةِ ذَا الْحُلَيْفَةِ وَلِأَهْلِ الشَّامِ الْجُحْفَةَ وَلِأَهْلِ نَجْدٍ قَرْنَ الْمَنَازِلِ وَلِأَهْلِ الْيَمَنِ يَلَمْلَمَ قَالَ فَهُنَّ لَهُنَّ وَلِمَنْ أَتَى عَلَيْهِنَّ مِنْ غَيْرِ أَهْلِهِنَّ مِمَّنْ أَرَادَ الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ فَمَنْ كَانَ دُونَهُنَّ فَمِنْ أَهْلِهِ وَكَذَا فَكَذَلِكَ حَتَّى أَهْلُ مَكَّةَ يُهِلُّونَ مِنْهَا [2803]

اہلِ یمن کیلئے یلملم میقات (احرام باندھنے کے مقام) مقرر فرمائے۔ فرمایا یہ (میقات) ان (علاقوں کے لوگوں) کے لئے ہیں نیز ان کے لئے بھی جو ان مقامات پر حج یا عمرہ کی نیت سے گزریں مگر یہاں کے رہنے والے نہ ہوں اور جو اُن سے وَرے ہوں تو وہ اپنے گھر سے احرام باندھیں اور اسی طرح باقی بھی (جو اُن سے وَرے ہوں) یہاں تک کہ اہل مکہ وہیں (مکہ) سے احرام باندھیں گے۔

2009{12}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ طَاوُسٍ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَّتَ لِأَهْلِ الْمَدِينَةِ ذَا الْحُلَيْفَةِ وَلِأَهْلِ الشَّامِ الْجُحْفَةَ وَلِأَهْلِ نَجْدٍ قَرْنَ الْمَنَازِلِ وَلِأَهْلِ الْيَمَنِ يَلَمْلَمَ وَقَالَ هُنَّ لَهُمْ وَلِكُلِّ آتٍ أَتَى عَلَيْهِنَّ مِنْ غَيْرِهِنَّ مِمَّنْ

2009: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مدینہ والوں کیلئے ذوالحلیفہ، شام والوں کیلئے جُحفہ اور نجد والوں کیلئے قرن المنازل اور یمن والوں کیلئے یلملم میقات مقرر فرمائے اور فرمایا یہ ان (علاقوں کے لوگوں) کے لئے ہیں نیز ہر آنے والے کے لئے بھی جو حج اور عمرے کے ارادہ سے دوسری جگہوں سے ہو کر ان (مقامات) پر سے گزریں اور جو اُن سے وَرے

=**تخریج : بخاری** کتاب الحج کتاب العلم باذکر العلم والفتیا فی المسجد133 باب فرض مواقیت الحج والعمرة 1522 باب مهل أهل مكة للحج والعمرة 1524 باب ميقات اهل المدينه ولا يهلون قبل ذى الحليفه 1525باب مهل اهل الشام 1526 باب مهل اهل نجد 1528 باب مهل من كان دون المواقيت 1529 باب مهل اهل اليمن 1530 كتاب جزاء الصيد باب دخول الحرم و مكة بغير احرام1845 **نسائی** مناسک الحج میقات اهل الیمن2654میقات اهل النجد 2655 میقات اهل العراق2656 من كان اهله دون الميقات 2657، 2658 **ابوداؤد** كتاب المناسک باب فی المواقیت 1737 **ترمذی** كتاب الحج باب ماجاء فی مواقیت الاحرام لا هل الافاق831 **ابن ماجه** كتاب المناسک باب مواقیت اهل الآفاق2914، 2915

2009 : اطراف : مسلم كتاب الحج باب مواقیت الحج والعمرة 2008 ، 2010 ، 2011 ، 2012 ، 2014

تخریج : بخاری كتاب الحج كتاب العلم باذکر العلم والفتیا فی المسجد133 باب فرض مواقیت الحج والعمرة 1522 باب مهل أهل مكة للحج والعمرة 1524 باب ميقات اهل المدينه ولا يهلون قبل ذى الحليفه 1525باب مهل اهل الشام 1526 باب مهل =

www.sirat-e-mustaqeem.net

أَرَادَ الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ وَمَنْ كَانَ دُونَ ذَلِكَ فَمِنْ حَيْثُ أَنْشَأَ حَتَّى أَهْلُ مَكَّةَ مِنْ مَكَّةَ [2804]

ہوں وہ جہاں سے روانہ ہوں یہاں تک کہ کہ اہل مکہ، مکہ سے۔

2010{13} و حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ قَرَأْتُ عَلَى مَالِك عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يُهِلُّ أَهْلُ الْمَدِينَةِ مِنْ ذِي الْحُلَيْفَةِ وَأَهْلُ الشَّامِ مِنَ الْجُحْفَةِ وَأَهْلُ نَجْدٍ مِنْ قَرْنٍ قَالَ عَبْدُ اللَّهِ وَبَلَغَنِي أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَيُهِلُّ أَهْلُ الْيَمَنِ مِنْ يَلَمْلَمَ [2805]

2010: حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اہلِ مدینہ ذوالحلیفہ سے احرام باندھیں اور اہلِ شام جُحفہ سے اور اہلِ نجد قرن سے۔ حضرت عبداللہؓ کہتے ہیں مجھ تک یہ بات پہنچی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اور اہلِ یمن یلملم سے۔

2011{14} و حَدَّثَنِي حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ بْنِ

2011: سالم بن عبداللہ بن عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا اہلِ مدینہ کے

=اهل نجد 1528 باب مهل من كان دون المواقيت 1529 باب مهل اهل اليمن 1530 كتاب جزاء الصيد باب دخول الحرم و مكة بغير احرام 1845 **نسائی** مناسک الحج ميقات اهل اليمن 2654 ميقات اهل النجد 2655 ميقات اهل العراق 2656 من كان اهله دون الميقات 2657، 2658 **ابو داؤد** كتاب المناسک باب فی المواقيت 1737 **ترمذی** كتاب الحج باب ماجاء فی مواقيت الاحرام لاهل الآفاق 831 **ابن ماجه** كتاب المناسک باب مواقيت اهل الآفاق 2914، 2915

2010: اطراف: مسلم كتاب الحج باب مواقيت الحج والعمرة 2008، 2009، 2011، 2012، 2014

تخریج: بخاری كتاب الحج كتاب العلم باذكر العلم والفتيا فی المسجد 133 باب فرض مواقيت الحج ولعمرة 1522 باب مهل اهل مكة للحج والعمرة 1524 باب ميقات اهل المدينه ولا يهلون قبل ذی الحليفه 1525 باب مهل اهل الشام 1526 باب مهل اهل نجد 1528 باب مهل من كان دون المواقيت 1529 باب مهل اهل اليمن 1530 كتاب جزاء الصيد باب دخول الحرم و مكة بغير احرام 1845 **نسائی** مناسک الحج ميقات اهل اليمن 2654 ميقات اهل النجد 2655 ميقات اهل العراق 2656 من كان اهله دون الميقات 2657، 2658 **ابو داؤد** كتاب المناسک باب فی المواقيت 1737 **ترمذی** كتاب الحج باب ماجاء فی مواقيت الاحرام لا هل الآفاق 831 **ابن ماجه** كتاب المناسک باب مواقيت اهل الآفاق 2914، 2915

2011: اطراف: مسلم كتاب الحج باب مواقيت الحج والعمرة 2008، 2009، 2010، 2012، 2014 =

www.sirat-e-mustaqeem.net

الْخَطَّابِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ عَنْ أَبِيهِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مُهَلُّ أَهْلِ الْمَدِينَةِ ذُو الْحُلَيْفَةِ وَمُهَلُّ أَهْلِ الشَّامِ مَهْيَعَةُ وَهِيَ الْجُحْفَةُ وَمُهَلُّ أَهْلِ نَجْدٍ قَرْنٌ قَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا وَزَعَمُوا أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ أَسْمَعْ ذَلِكَ مِنْهُ قَالَ وَمُهَلُّ أَهْلِ الْيَمَنِ يَلَمْلَمُ [2806]

احرام باندھنے کی جگہ ذوالحلیفہ، اور اہلِ شام کے احرام باندھنے کی جگہ مَهْيَعَة اور یہ جُحفة (ہی) ہے۔اور اہلِ نجد کے احرام باندھنے کی جگہ قرن ہے۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ لوگ بیان کرتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اور میں نے خود آپؐ سے نہیں سنا کہ اہلِ یمن کے احرام باندھنے کی جگہ یلملم ہے۔

2012{15}حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَيَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ وَقُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ وَعَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَ يَحْيَى أَخْبَرَنَا وَقَالَ الْآخَرُونَ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ دِينَارٍ أَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا قَالَ أَمَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَهْلَ

2012:حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اہلِ مدینہ ذوالحلیفہ سے اور اہلِ شام جُحفَة سے اور اہلِ نجد قرن سے احرام باندھیں اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں مجھے یہ بھی بتایا گیا ہے کہ آپؐ نے فرمایا: اہلِ یمن یلملم سے احرام باندھیں۔

=**تخریج: بخاری** کتاب الحج کتاب العلم باذکر العلم والفتیا فی المسجد133 باب فرض مواقیت الحج والعمرة 1522 باب مهل اهل مکة للحج والعمرة 1524 باب میقات اهل المدینه ولا یهلون قبل ذی الحلیفه 1525باب مهل اهل الشام 1526 باب مهل اهل نجد 1528 باب مهل من کان دون المواقیت 1529 باب مهل اهل الیمن 1530 کتاب جزاء الصید باب دخول الحرم و مکة بغیر احرام 1845 **نسائی** مناسک الحج میقات اهل الیمن 2654 میقات اهل النجد 2655 میقات اهل العراق 2656 من کان اهله دون المیقات 2657، 2658 **ابوداؤد** کتاب المناسک باب فی المواقیت 1737 **ترمذی** کتاب الحج باب ماجاء فی مواقیت الاحرام لا هل الآفاق 831 **ابن ماجه** کتاب المناسک باب مواقیت اهل الآفاق 2914، 2915

2012 :اطراف: مسلم کتاب الحج باب مواقیت الحج والعمرة 2008، 2009، 2010، 11 2، 2014

تخریج: بخاری کتاب الحج کتاب العلم باذکر العلم والفتیا فی المسجد133 باب فرض مواقیت الحج والعمرة 1522 باب مهل اهل مکة للحج والعمرة 1524 باب میقات اهل المدینه ولا یهلون قبل ذی الحلیفه 1525باب مهل اهل الشام 1526 باب مهل اهل نجد 1528 باب مهل من کان دون المواقیت 1529 باب مهل اهل الیمن 1530 کتاب جزاء الصید باب دخول الحرم و مکة بغیر احرام 1845 **نسائی** مناسک الحج میقات اهل الیمن 2654 میقات اهل النجد 2655 میقات اهل العراق 2656 من کان اهله دون المیقات 2657، 2658 **ابوداؤد** کتاب المناسک باب فی المواقیت 1737 **ترمذی** کتاب الحج باب ماجاء فی مواقیت الاحرام لا هل الآفاق 831 **ابن ماجه** کتاب المناسک باب مواقیت اهل الآفاق 2914، 2915

www.sirat-e-mustaqeem.net

الْمَدِينَةِ أَنْ يُهِلُّوا مِنْ ذِي الْحُلَيْفَةِ وَأَهْلَ الشَّامِ مِنَ الْجُحْفَةِ وَأَهْلَ نَجْدٍ مِنْ قَرْنٍ وَقَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا وَأُخْبِرْتُ أَنَّهُ قَالَ وَيُهِلُّ أَهْلُ الْيَمَنِ مِنْ يَلَمْلَمَ [2807]

2013{16} حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا يُسْأَلُ عَنِ الْمُهَلِّ فَقَالَ سَمِعْتُ ثُمَّ انْتَهَى فَقَالَ أُرَاهُ يَعْنِي النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [2808]

2013: ابوالزبیر کہتے ہیں کہ انہوں نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے سنا جب اُن سے احرام باندھنے کی جگہ کے بارہ میں پوچھا گیا۔ تو انہوں نے کہا میں نے سنا ہے۔ پھر وہ رُک گئے۔ راوی کہتے ہیں میرا خیال ہے کہ انہوں نے کہا کہ (میں نے) نبی ﷺ (سے سنا۔)

2014{...} وحَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَابْنُ أَبِي عُمَرَ قَالَ ابْنُ أَبِي عُمَرَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ أَبِيهِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يُهِلُّ أَهْلُ الْمَدِينَةِ مِنْ ذِي الْحُلَيْفَةِ وَيُهِلُّ أَهْلُ الشَّامِ مِنَ الْجُحْفَةِ وَيُهِلُّ أَهْلُ نَجْدٍ مِنْ قَرْنٍ قَالَ ابْنُ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا وَذُكِرَ لِي وَلَمْ أَسْمَعْ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ

2014: سالم اپنے والد رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اہلِ مدینہ ذوالحلیفہ سے احرام باندھیں اور اہلِ شام جحفة سے احرام باندھیں اور اہلِ نجد قرن سے احرام باندھیں حضرت ابن عمرؓ کہتے ہیں مجھ سے ذکر کیا گیا ہے اور میں نے خود نہیں سنا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اور اہلِ یمن یلملم سے احرام باندھیں۔ ابوزبیر بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے حضرت جابر بن

2014 :اطراف :مسلم کتاب الحج باب مواقیت الحج والعمرة 2008 ، 2009 ، 2010 ، 2011 ، 2012

تخریج :بخاری کتاب الحج کتاب العلم باذکر العلم والفتیا فی المسجد133باب فرض مواقیت الحج والعمرة 1522باب مهل اهل مکة للحج والعمرة 1524 باب میقات اهل المدینه ولا یهلون قبل ذی الحلیفه 1525باب مهل اهل الشام 1526 باب مهل اهل نجد 1528باب مهل من کان دون المواقیت1529 باب مهل اهل الیمن1530 کتاب جزاء الصید باب دخول الحرم و مکة بغیر احرام 1845 **نسائی** مناسک الحج میقات اهل الیمن2654 میقات اهل النجد2655 میقات اهل العراق 2656 من کان اهله دون المیقات 2657 ، 2658 **ابوداؤد** کتاب المناسک باب فی المواقیت 1737 **ترمذی** کتاب الحج باب ماجاء فی مواقیت الاحرام لا هل الآفاق831 **ابن ماجه** کتاب المناسک باب مواقیت اهل الآفاق 2914 ، 2915

www.sirat-e-mustaqeem.net

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَيُهِلُّ أَهْلُ الْيَمَنِ مِنْ يَلَمْلَمَ{18} و حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ كِلَاهُمَا عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ بَكْرٍ قَالَ عَبْدٌ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدٌ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا يُسْأَلُ عَنِ الْمُهَلِّ فَقَالَ سَمِعْتُ أَحْسَبُهُ رَفَعَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مُهَلُّ أَهْلِ الْمَدِينَةِ مِنْ ذِي الْحُلَيْفَةِ وَالطَّرِيقُ الْآخَرُ الْجُحْفَةُ وَمُهَلُّ أَهْلِ الْعِرَاقِ مِنْ ذَاتِ عِرْقٍ وَمُهَلُّ أَهْلِ نَجْدٍ مِنْ قَرْنٍ وَمُهَلُّ أَهْلِ الْيَمَنِ مِنْ يَلَمْلَمَ[2810,2809]

عبداللہ رضی اللہ عنہما سے سنا اور ان سے احرام باندھنے کی جگہ کے بارہ میں پوچھا جارہا تھا۔ راوی نے کہا میں نے سنا اور مجھے خیال ہے کہ انہوں نے اس کو نبی ﷺ کی طرف منسوب فرمایا اور کہا کہ اہلِ مدینہ کے احرام باندھنے کی جگہ ذوالحلیفہ ہے اور ایک دوسرا راستہ جحفة ہے اور اہلِ عراق کے احرام باندھنے کی جگہ ذاتِ عرق ہے اور نجد والوں کے احرام باندھنے کی جگہ قرن ہے اور اہلِ یمن کے احرام باندھنے کی جگہ یلملم ہے۔

[3]3:بَاب:التَّلْبِيَةُ وَصِفَتُهَا وَوَقْتُهَا

باب: تلبیہ اور اس کا بیان اور اس کا وقت

2015{19} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى التَّمِيمِيُّ قَالَ قَرَأْتُ عَلَى مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا أَنَّ تَلْبِيَةَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَبَّيْكَ اللَّهُمَّ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ

2015 حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کا تلبیہ یہ تھا۔ ''میں حاضر ہوں اے اللہ! میں حاضر ہوں، میں حاضر ہوں تیرا کوئی شریک نہیں، میں حاضر ہوں۔ سب تعریف اور نعمت تیری ہے اور بادشاہت بھی، تیرا کوئی شریک نہیں۔''

2015 :اطراف: مسلم کتاب الحج باب التلبیةِ وَصفتها وَ قتِها 2016، 2017

تخریج: بخاری کتاب الحج من اهل ملبدا 1540 باب التلبية1549 ، 1550 کتاب اللباس باب التلبيد5915 **ترمذی** کتاب الحج باب ماجاء فی التلبية 825، 826 **نسائی** کتاب مناسک الحج التلبيد عندالاحرام 2683 کیف التلبیةُ ؟ 2747 ، 2748 2749 ، 2750 ، 2751 **ابو داود** کتاب المناسک باب الطيب عندالاحرام 1747 باب کیف التلبية؟ 1812 **ابن ماجه** کتاب المناسک باب التلبية 2918 ، 2919 ، 2920 **ابن ماجه** کتاب المناسک باب من لبدراسه 3047

www.sirat-e-mustaqeem.net

لَبَّيْكَ إِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ قَالَ وَكَانَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا يَزِيدُ فِيهَا لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ وَالْخَيْرُ بِيَدَيْكَ لَبَّيْكَ وَالرَّغْبَاءُ إِلَيْكَ وَالْعَمَلُ[2811]

راوی کہتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما اس میں مزید کہا کرتے تھے: ''میں حاضر ہوں، میں حاضر ہوں اور یہ سعادت ہے اور بھلائی تیرے ہاتھوں میں ہے۔ میں حاضر ہوں اور رغبت اور عمل تیری طرف ہے۔

2016{20}حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ حَدَّثَنَا حَاتِمٌ يَعْنِي ابْنَ إِسْمَعِيلَ عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ وَنَافِعٍ مَوْلَى عَبْدِ اللَّهِ وَحَمْزَةَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا اسْتَوَتْ بِهِ رَاحِلَتُهُ قَائِمَةً عِنْدَ مَسْجِدِ ذِي الْحُلَيْفَةِ أَهَلَّ فَقَالَ لَبَّيْكَ اللَّهُمَّ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ لَبَّيْكَ إِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ قَالُوا وَكَانَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا يَقُولُ هَذِهِ تَلْبِيَةُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ نَافِعٌ كَانَ عَبْدُ اللَّهِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ يَزِيدُ مَعَ هَذَا لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ وَالْخَيْرُ بِيَدَيْكَ

2016: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب آپؐ کی اونٹنی آپؐ کو مسجد ذی الحلیفہ کے پاس لے کر سیدھی کھڑی ہوجاتی تھی تو آپؐ کہتے میں حاضر ہوں اے اللہ! میں حاضر ہوں میں حاضر ہوں تیرا کوئی شریک نہیں۔ میں حاضر ہوں۔ سب تعریف اور نعمت تیرے لئے ہے اور بادشاہت بھی، تیرا کوئی شریک نہیں۔ راوی کہتے ہیں حضرت عبداللہ بن عمرؓ کہتے تھے یہ رسول اللہ ﷺ کا تلبیہ تھا۔ نافع کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اس کے ساتھ یہ مزید کہا کرتے تھے۔ میں حاضر ہوں، میں حاضر ہوں۔ یہ سعادت در سعادت ہے اور بھلائی تیرے ہاتھوں میں ہے میں حاضر ہوں اور رغبت اور عمل بھی تیری طرف ہے۔ ایک اور روایت میں ہے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما

2016 :اطراف :مسلم کتاب الحج باب التلبية وَ صفتها وَ قتها 2015 ، 2017

2227: عروہ بن زبیر کہتے ہیں میں نے نبی ﷺ کی زوجہ مطہرہ حضرت عائشہؓ سے کہا میں اس شخص پر کوئی حرج نہیں دیکھتا جو صفا اور مروہ کا طواف نہیں کرتا۔ اور میں کوئی حرج نہیں سمجھتا کہ میں ان دونوں کے درمیان طواف نہ کروں۔ انہوں نے کہا تم نے کیسی غلط بات کہی ہے اے میرے بھانجے! رسول اللہ ﷺ نے (صفا و مروہ کا) طواف کیا اور مسلمانوں نے بھی (ان کا) طواف کیا پس یہ سنت ہے۔ دراصل بات صرف یہ ہے کہ جو لوگ مناۃ بت کے لئے جو مشلّل مقام پر تھا احرام باندھتے تھے وہ صفا اور مروہ کے درمیان طواف نہیں کرتے تھے۔ جب اسلام آیا تو ہم نے اس کے بارہ میں نبی ﷺ سے پوچھا تو اللہ عزّ وجلّ نے یہ (آیت) نازل فرمائی: یقیناً صفا اور مروہ شعائر اللہ میں سے ہیں۔ پس جو کوئی بھی اس بیت کا حج کرے یا عمرہ ادا کرے تو اس پر کوئی گناہ نہیں کہ وہ ان دونوں کا بھی طواف کرے۔ (البقرہ:159) اگر وہی بات ہوتی جو تم کہتے ہو تو یہ (آیت) یوں ہوتی اس پر کوئی گناہ نہیں کہ ان دونوں کا طواف نہ کرے۔ زہری کہتے ہیں میں نے یہ بات ابوبکر بن عبدالرحمٰن کے پاس بیان

2227 :**اطراف:** مسلم کتاب الحج باب بیان ان السعی بین الصفا والمروۃ رکن ... 2225، 2226، 2228، 2229

تخریج: بخاری کتاب الحج باب وجوب الصفا والمروۃ وجعل من شعائر اللہ 1643، 1644، 1645، 1646، 1647، 1648، 1649 باب یفعل بالعمرۃ ما یفعل بالحج 1790 کتاب التفسیر باب قولہ تعالیٰ ان الصفا والمروۃ من شعائر اللہ 4495، 4496 باب ومنوٰۃ الثالثۃ الاخری 4861 ترمذی تفسیر القرآن ومن سورۃ البقرۃ 2965، 2966، 2967 نسائی مناسک الحج ذکر الصفا والمروۃ 2967، 2968، 2969، 2970 ابوداود کتاب المناسک باب امر الصفا والمروۃ 1901 ابن ماجہ کتاب المناسک باب السعی بین الصفا والمروۃ 2986 باب صفۃ حج النبی ﷺ 1905

الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ فَأَعْجَبَهُ ذَلِكَ وَقَالَ إِنَّ هَذَا الْعِلْمُ وَلَقَدْ سَمِعْتُ رِجَالًا مِنْ أَهْلِ الْعِلْمِ يَقُولُونَ إِنَّمَا كَانَ مَنْ لَا يَطُوفُ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ مِنَ الْعَرَبِ يَقُولُونَ إِنَّ طَوَافَنَا بَيْنَ هَذَيْنِ الْحَجَرَيْنِ مِنْ أَمْرِ الْجَاهِلِيَّةِ وَقَالَ آخَرُونَ مِنَ الْأَنْصَارِ إِنَّمَا أُمِرْنَا بِالطَّوَافِ بِالْبَيْتِ وَلَمْ نُؤْمَرْ بِهِ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ فَأَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللَّهِ قَالَ أَبُو بَكْرِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ فَأُرَاهَا قَدْ نَزَلَتْ فِي هَؤُلَاءِ وَهَؤُلَاءِ{262} و حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا حُجَيْنُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا لَيْثٌ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَنَّهُ قَالَ أَخْبَرَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ قَالَ سَأَلْتُ عَائِشَةَ وَسَاقَ الْحَدِيثَ بِنَحْوِهِ وَقَالَ فِي الْحَدِيثِ فَلَمَّا سَأَلُوا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذَلِكَ فَقَالُوا يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّا كُنَّا نَتَحَرَّجُ أَنْ نَطُوفَ بِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ فَأَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللَّهِ فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ أَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ أَنْ يَطَّوَّفَ بِهِمَا قَالَتْ عَائِشَةُ قَدْ سَنَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

کی۔انہوں نے اسے بہت پسند کیا اور کہا یقیناً یہ علم کی بات ہے۔ میں نے کئی صاحبِ علم لوگوں کو کہتے سنا ہے کہ اس سے مراد عرب میں سے وہ لوگ تھے جو صفا اور مروہ کے درمیان طواف نہیں کرتے تھے وہ کہتے تھے ان دونوں پہاڑیوں کے درمیان ہمارا طواف کرنا جاہلیت کی باتوں میں سے ہے اور بعض دوسرے انصارؓ میں سے کہتے تھے ہمیں تو محض بیت اللہ کے طواف کا حکم دیا گیا ہے۔اور صفا اور مروہ کے درمیان (طواف) کا ہمیں حکم نہیں دیا گیا۔تو اللہ عزّ وجلّ نے یہ آیت نازل فرمائی: یقیناً صفا اور مروہ شعائر اللہ میں سے ہیں (البقرہ:159)۔ابوبکر بن عبدالرحمان کہتے تھے میرا خیال ہے کہ یہ آیت ان لوگوں کے بارہ میں اتری اور ان لوگوں کے بارہ میں بھی۔ ابن شہاب کہتے ہیں کہ مجھے عروہؓ بن زبیر نے بتایا انہوں نے کہا میں نے حضرت عائشہؓ سے پوچھا۔۔۔اور اسی کی مانند روایت بیان کی اور روایت میں یہ بھی کہا جب انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے اس بارہ میں پوچھا تو انہوں نے کہا یا رسولؐ اللہ! ہم صفا اور مروہ کا طواف کرنے میں حرج سمجھتے تھے تو اللہ عزّ وجلّ نے یہ آیت نازل فرمائی۔ یقیناً صفا اور مروہ شعائر اللہ میں سے ہیں پس جو کوئی بھی اس بیت کا حج کرے یا عمرہ ادا کرے تو اس پر کوئی گناہ نہیں کہ وہ ان دونوں کا بھی طواف کرے۔ حضرت عائشہؓ کہتی ہیں ان دونوں (صفا اور مروہ) کے درمیان طواف کرنے کی سنت رسول اللہ ﷺ نے

www.sirat-e-mustaqeem.net

الطَّوَافَ بَيْنَهُمَا فَلَيْسَ لِأَحَدٍ أَنْ يَتْرُكَ الطَّوَافَ بِهِمَا[3082,3081]

قائم فرمادی۔ پس کسی کے لئے درست نہیں کہ وہ ان دونوں کے درمیان طواف چھوڑ دے۔

2228{263} و حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ أَنَّ عَائِشَةَ أَخْبَرَتْهُ أَنَّ الْأَنْصَارَ كَانُوا قَبْلَ أَنْ يُسْلِمُوا هُمْ وَغَسَّانُ يُهِلُّونَ لِمَنَاةَ فَتَحَرَّجُوا أَنْ يَطُوفُوا بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَكَانَ ذَلِكَ سُنَّةً فِي آبَائِهِمْ مَنْ أَحْرَمَ لِمَنَاةَ لَمْ يَطُفْ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَإِنَّهُمْ سَأَلُوا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذَلِكَ حِينَ أَسْلَمُوا فَأَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ فِي ذَلِكَ إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللَّهِ فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ أَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ أَنْ يَطَّوَّفَ بِهِمَا وَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا فَإِنَّ اللَّهَ شَاكِرٌ عَلِيمٌ[3083]

2228: عروہ بن زبیرؓ سے روایت ہے کہ حضرت عائشہؓ نے انہیں بتایا کہ اسلام قبول کرنے سے پہلے انصار نیز غسّان (قبیلہ) کے لوگ مناۃ (بت) کے لئے احرام باندھتے تھے۔ اور وہ صفا اور مروہ کے درمیان طواف کرنے کو گناہ سمجھا کرتے تھے اور اُن کے آباء و اجداد کا طریق یہ تھا کہ جو شخص مناۃ (بت) کے لئے احرام باندھتا وہ صفا اور مروہ کے درمیان طواف نہیں کرتا تھا اور جب وہ مسلمان ہوئے تو انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے اس بارہ میں پوچھا تو اللہ تعالیٰ نے اس بارہ میں یہ نازل فرمایا اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ ۔۔۔ (ترجمہ): یقیناً صفا اور مروہ شعائر اللہ میں سے ہیں پس جو کوئی بھی اس بیت کا حج کرے یا عمرہ ادا کرے تو اس پر کوئی گناہ نہیں کہ وہ ان دونوں کا بھی طواف کرے اور جو نفلی طور پر نیکی کرنا چاہے تو یقیناً اللہ شکر کا حق ادا کرنے والا (اور) دائمی علم رکھنے والا ہے۔ (البقرہ:159)

2228 :**اطراف**: **مسلم** کتاب الحج باب بیان ان السعی بین الصفا والمروة رکنٌ 2225، 2226، 2227، 2229

تخریج: **بخاری** کتاب الحج باب وجوب الصفا والمروة وجعل من شعائر الله 1643، 1644، 1645، 1646، 1647، 1648، 1649 باب یفعل بالعمرة ما یفعل بالحج 1790 کتاب التفسیر باب قوله تعالیٰ ان الصفا والمروة من شعائر الله 4495 ، 4496 باب ومنوٰة الثالثة الاخری 4861 **ترمذی** تفسیر القرآن ومن سورة البقرة 2965 ، 2966 ، 2967 **نسائی** کتاب مناسک الحج ذکر الصفا والمروة 2967، 2968 ، 2969 ، 2970 **ابوداود** کتاب المناسک باب امر الصفا والمروة 1901 **ابن ماجه** کتاب المناسک باب السعی بین الصفا والمروة 2986 باب صفة حج النبی ﷺ 1905

2229{264} و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ أَنَسٍ قَالَ كَانَتِ الْأَنْصَارُ يَكْرَهُونَ أَنْ يَطُوفُوا بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ حَتَّى نَزَلَتْ إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللَّهِ فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ أَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ أَنْ يَطَّوَّفَ بِهِمَا [3084]

2229: حضرت انسؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں انصارؓ صفا اور مروہ کے درمیان طواف کرنا ناپسند کرتے تھے یہانتک کہ یہ آیت نازل ہوئی: اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ ... ترجمہ: یقیناً صفا اور مروہ شعائر اللہ میں سے ہیں پس جو کوئی بھی اس بیت کا حج کرے یا عمرہ ادا کرے تو اس پر کوئی گناہ نہیں کہ وہ ان دونوں کا بھی طواف کرے۔ (البقرہ:159)

[44]44:بَاب: بَيَانُ أَنَّ السَّعْيَ لَا يُكَرَّرُ

اس بات کا بیان کہ (صفا اور مروہ) میں سعی دہرائی نہیں جاتی

2230{265} حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ يَقُولُ لَمْ يَطُفِ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا أَصْحَابُهُ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ إِلَّا طَوَافًا وَاحِدًا طَوَافَهُ الْأَوَّلَ

2230: حضرت جابر بن عبداللہؓ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ اور آپؐ کے صحابہؓ نے صفا اور مروہ کے درمیان صرف ایک دفعہ سعی کی تھی ☆۔ ایک اور روایت میں (اِلَّا طَوَافًا وَاحِدًا کے بجائے) اِلَّا طَوَافًا وَاحِدًا طَوَافَهُ الْاَوَّلَ کا اضافہ ہے۔

2229 :اطراف: مسلم کتاب الحج باب بیان ان السعی بین الصفا والمروة رکنٌ ... 2225، 2226، 2227 ، 2229
تخریج: بخاری کتاب الحج باب وجوب الصفا والمروة وجعل من شعائر الله 1643، 1644، 1645، 1646، 1647، 1648، 1649 باب یفعل بالعمرة ما یفعل بالحج 1790 کتاب التفسیر باب قوله تعالیٰ ان الصفا والمروة من شعائر الله 4495 ، 4496 باب ومنوٰة الثالثة الاخری 4861 **ترمذی** تفسیر القرآن ومن سورة البقرة 2965 ، 2966 ، 2967 **نسائی** مناسک الحج ذکر الصفا والمروة 2967، 2968 ، 2969 ، 2970 **ابوداود** کتاب المناسک باب امر الصفا والمروة 1901 **ابن ماجه** کتاب المناسک باب السعی بین الصفا والمروة 2986 باب صفة حج النبی ﷺ 1905

2230 :تخریج: ترمذی کتاب الحج باب ماجاء انَّ القارن یطوف طوافًا واحدًا 947 ، 948 **نسائی** مناسک الحج کم طواف القارن والمتمتع بین الصفا والمروة 2986 **ابوداود** کتاب المناسک باب طواف القارن 1895 **ابن ماجه** کتاب المناسک باب طواف القارن 2972، 2973 ، 2975

☆ حج تمتع میں ایک دفعہ سعی کی جاتی ہے۔ یہ سعی صفا مروہ کے سات چکروں پر مشتمل ہوتی ہے۔ حج تمتع کے لئے دیکھئے صفحہ 76 زیر روایت نمبر 2094

www.sirat-e-mustaqeem.net

طَوَافًا وَاحِدًا و حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ
أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ
بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ وَقَالَ إِلَّا طَوَافًا وَاحِدًا
طَوَافَهُ الْأَوَّلَ [3086,3085]

[45]45:بَاب: اسْتِحْبَابُ إِدَامَةِ الْحَاجِّ التَّلْبِيَةَ حَتَّى يَشْرَعَ فِي رَمْيِ جَمْرَةِ الْعَقَبَةِ يَوْمَ النَّحْرِ

حج کرنے والے کے لئے مسلسل تلبیہ کہنا مستحب ہے یہاں تک کہ وہ قربانی کے دن جمرہ عقبہ کو کنکریاں مارنا شروع کرے

2231{266}حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ وَقُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ وَابْنُ حُجْرٍ قَالُوا حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ ح و حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَاللَّفْظُ لَهُ قَالَ أَخْبَرَنَا إِسْمَعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي حَرْمَلَةَ عَنْ كُرَيْبٍ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ قَالَ رَدِفْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عَرَفَاتٍ فَلَمَّا بَلَغَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الشِّعْبَ الْأَيْسَرَ الَّذِي دُونَ الْمُزْدَلِفَةِ أَنَاخَ فَبَالَ ثُمَّ

2231: حضرت اسامہؓ بن زیدؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں میں عرفات سے رسول اللہ ﷺ کے پیچھے سواری پر بیٹھا۔ جب رسول اللہ ﷺ مزدلفہ سے ورے اس بائیں طرف والی گھاٹی تک پہنچے تو آپؐ نے اپنا اونٹ بٹھایا اور پیشاب سے فارغ ہوئے۔ پھر آپؐ تشریف لائے تو میں نے آپؐ کے لئے وضوء کا پانی انڈیلا۔ آپؐ نے ہلکا سا وضوء کیا۔ پھر میں نے کہا یارسولؐ اللہ! نماز! آپؐ نے فرمایا نماز آگے چل کر۔ پھر رسول اللہ ﷺ سوار ہوئے

2231 :اطراف: مسلم باب استحباب ادامة الحاج التلبية حتى يشرع فى رمى جمرة ... 2232، 2233، 2234، 2235، 2236، 2237 باب رمى الجمار جمرة العقبة من بطن الوادى 2270، 2271، 2272 2273، 2274، 2275

تخریج: بخاری کتاب الوضوء باب اسباغ الوضوء 139 باب الرجل يُوَضِّئُ صاحبه 181 كتاب الحج باب نزول بين عرفة 1667، 1669 باب الجمع بين الصلاتين بالمزدلفة 1672 نسائی كتاب المواقيت كيف الجمع 609 كتاب الحج النزول بعدالرفع من عرفة 3024، 3025 الجمع بين الصلاتين بالمزدلفة 3031 ابوداود كتاب المناسك باب الدفعة من عرفة 1921، 1924 1925 ابن ماجه كتاب المناسك باب النزول بين عرفات وجمع لمن كانت له حاجة 3019

www.sirat-e-mustaqeem.net

جَاءَ فَصَبَبْتُ عَلَيْهِ الْوَضُوءَ فَتَوَضَّأَ وُضُوءًا خَفِيفًا ثُمَّ قُلْتُ الصَّلَاةَ يَا رَسُولَ اللَّهِ فَقَالَ الصَّلَاةُ أَمَامَكَ فَرَكِبَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى أَتَى الْمُزْدَلِفَةَ فَصَلَّى ثُمَّ رَدِفَ الْفَضْلُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَدَاةَ جَمْعٍ

یہاں تک کہ مزدلفہ تشریف لائے اور آپؐ نے نماز پڑھائی۔ پھر مزدلفہ کی صبح حضرت فضلؓ (بن عباسؓ) رسول اللہ ﷺ کی سواری پر آپؐ کے پیچھے بیٹھے۔

2232{...}قَالَ كُرَيْبٌ فَأَخْبَرَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبَّاسٍ عَنِ الْفَضْلِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَزَلْ يُلَبِّي حَتَّى بَلَغَ الْجَمْرَةَ[3087]

2232: حضرت فضلؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ مسلسل تلبیہ کہتے رہے یہاں تک کہ جمرہ پہنچ گئے۔

2233{267}و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَعَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ كِلَاهُمَا عَنْ عِيسَى بْنِ يُونُسَ قَالَ ابْنُ خَشْرَمٍ أَخْبَرَنَا عِيسَى عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي عَطَاءٌ أَخْبَرَنِي ابْنُ

2233: عطاء کہتے ہیں مجھے حضرت ابن عباسؓ نے بتایا کہ نبی ﷺ نے مزدلفہ سے حضرت فضلؓ کو (سواری پر) پیچھے بٹھایا۔ راوی کہتے ہیں مجھے حضرت ابن عباسؓ نے بتایا کہ فضلؓ نے انہیں بتایا تھا کہ

2232 :اطراف: مسلم باب استحباب ادامة الحاج التلبية حتى يشرع فى رمى جمرة ... 2231 ، 2233 ، 2234 ، 2235 2236 ، 2237 باب رمى الجمار جمرة العقبة من بطن الوادى 2270 ، 2271 ، 2272 2273 ، 2274 ، 2275

تخریج: بخاری كتاب الوضوء باب اسباغ الوضوء 139 باب الرجل يُوَضِّئُ صاحبه 181 كتاب الحج باب نزول بين عرفة 1667، 1669 باب الجمع بين الصلاتين بالمزدلفة 1672 **نسائی** كتاب المواقيت كيف الجمع 609 كتاب الحج النزول بعدالرفع من عرفة 3024 ، 3025 الجمع بين الصلاتين بالمزدلفة 3031 **ابوداود** كتاب المناسك باب الدفعة من عرفة 1921، 1924 1925 **ابن ماجه** كتاب المناسك باب النزول بين عرفات وجمع لمن كانت له حاجة 3019

2233 :اطراف: مسلم باب استحباب ادامة الحاج التلبية حتى يشرع فى رمى جمرة ... 2231 ، 2232 ، 2234 ، 2235 2236 ، 2237 باب رمى الجمار جمرة العقبة من بطن الوادى 2270 ، 2271 ، 2272 2273 ، 2274 ، 2275

تخریج: بخاری كتاب الوضوء باب اسباغ الوضوء 139 باب الرجل يُوَضِّئُ صاحبه 181 كتاب الحج باب نزول بين عرفة 1667، 1669 باب الجمع بين الصلاتين بالمزدلفة 1672 **نسائی** كتاب المواقيت كيف الجمع 609 كتاب الحج النزول بعدالرفع من عرفة 3024 ، 3025 الجمع بين الصلاتين بالمزدلفة 3031 **ابوداود** كتاب المناسك باب الدفعة من عرفة 1921، 1924 1925 **ابن ماجه** كتاب المناسك باب النزول بين عرفات وجمع لمن كانت له حاجة 3019

www.sirat-e-mustaqeem.net

عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرْدَفَ الْفَضْلَ مِنْ جَمْعٍ قَالَ فَأَخْبَرَنِي ابْنُ عَبَّاسٍ أَنَّ الْفَضْلَ أَخْبَرَهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَزَلْ يُلَبِّي حَتَّى رَمَى جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ[3088]

نبی ﷺ مسلسل تلبیہ کہتے رہے یہاں تک کہ آپؐ نے جمرہ عقبہ کو کنکر مارے۔

2234{268} وحَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا لَيْثٌ ح و حَدَّثَنَا ابْنُ رُمْحٍ أَخْبَرَنِي اللَّيْثُ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ أَبِي مَعْبَدٍ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ الْفَضْلِ بْنِ عَبَّاسٍ وَكَانَ رَدِيفَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ فِي عَشِيَّةِ عَرَفَةَ وَغَدَاةِ جَمْعٍ لِلنَّاسِ حِينَ دَفَعُوا عَلَيْكُمْ بِالسَّكِينَةِ وَهُوَ كَافٌّ نَاقَتَهُ حَتَّى دَخَلَ مُحَسِّرًا وَهُوَ مِنْ مِنًى قَالَ عَلَيْكُمْ بِحَصَى الْخَذْفِ الَّذِي يُرْمَى بِهِ الْجَمْرَةُ وَقَالَ لَمْ يَزَلْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُلَبِّي حَتَّى رَمَى الْجَمْرَةَ و حَدَّثَنِيهِ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ بِهَذَا الْإِسْنَادِ غَيْرَ أَنَّهُ لَمْ يَذْكُرْ فِي

2234: حضرت ابن عباسؓ حضرت فضل بن عباسؓ سے جنہیں سواری پر رسول اللہ ﷺ کے پیچھے بیٹھنے کی سعادت ملی تھی روایت کرتے ہیں کہ عرفہ کی شام اور مزدلفہ کی صبح جب لوگ روانہ ہوئے آپؐ نے لوگوں سے فرمایا تم سکینت اختیار کرو اور آپؐ اپنی اونٹنی کو روکے ہوئے تھے۔ یہاں تک کہ محسّر میں داخل ہوئے اور وہ منیٰ کا حصہ ہے۔ آپؐ نے فرمایا پھینکی جانے والی کنکریاں لے لو جو جمرہ پر پھینکی جائیں گی۔ اور وہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ مسلسل تلبیہ کہتے رہے یہاں تک کہ آپؐ نے جمرہ کو کنکریاں ماریں۔

ایک اور روایت میں لَمْ يَزَلْ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ يُلَبِّي حَتَّى رَمَى الْجَمْرَةَ کے الفاظ نہیں ہیں مگر یہ اضافہ ہے کہ نبی ﷺ اپنے ہاتھ سے اشارہ فرما رہے تھے جیسے آدمی انگلیوں سے کنکر پھینکتا ہے۔

2234 :اطراف: مسلم باب استحباب ادامة الحاج التلبية حتى يشرع فى رمى جمرة ... 2231 ، 2232 ، 2233 ، 2235 2236 ، 2237 باب رمى الجمار جمرة العقبة من بطن الوادى 2270 ، 2271 ، 2272 2273 ، 2274 ، 2275

تخریج: بخاری كتاب الوضوء باب اسباغ الوضوء 139 باب الرجل يُوَضِّئُ صاحبه 181 كتاب الحج باب نزول بين عرفة 1667، 1669 باب الجمع بين الصلاتين بالمزدلفة 1672 **نسائی** كتاب المواقيت كيف الجمع 609 كتاب الحج النزول بعدالرفع من عرفة 3024 ، 3025 الجمع بين الصلاتين بالمزدلفة 3031 **ابو داود** كتاب المناسک باب الدفعة من عرفة 1921، 1924 1925 **ابن ماجه** كتاب المناسک باب النزول بين عرفات وجمع لمن كانت له حاجة 3019

www.sirat-e-mustaqeem.net

الْحَدِيثَ وَلَمْ يَزَلْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُلَبِّي حَتَّى رَمَى الْجَمْرَةَ وَزَادَ فِي حَدِيثِهِ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُشِيرُ بِيَدِهِ كَمَا يَخْذِفُ الْإِنْسَانُ[3090,3089]

2235{269} و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا أَبُو الْأَحْوَصِ عَنْ حُصَيْنٍ عَنْ كَثِيرِ بْنِ مُدْرِكٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللَّهِ وَنَحْنُ بِجَمْعٍ سَمِعْتُ الَّذِي أُنْزِلَتْ عَلَيْهِ سُورَةُ الْبَقَرَةِ يَقُولُ فِي هَذَا الْمَقَامِ لَبَّيْكَ اللَّهُمَّ لَبَّيْكَ[3091]

2235: عبدالرحمان بن یزید سے روایت ہے وہ کہتے ہیں حضرت عبداللہؓ نے کہا جب ہم مزدلفہ میں تھے میں نے اِس مقام پراس کو جس پر سورۃ البقرہ اتاری گئی فرماتے ہوئے سنا لَبَّیْکَ اللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ میں تیری جناب میں حاضر ہوں اے اللہ! میں تیری جناب میں حاضر ہوں۔

2236{270} و حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ أَخْبَرَنَا حُصَيْنٌ عَنْ كَثِيرِ بْنِ مُدْرِكٍ الْأَشْجَعِيِّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ لَبَّى حِينَ أَفَاضَ مِنْ جَمْعٍ فَقِيلَ أَعْرَابِيٌّ هَذَا فَقَالَ عَبْدُ اللَّهِ أَنَسِيَ

2236: عبدالرحمان بن یزید سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہؓ جب مزدلفہ سے لوٹے تو انہوں نے تلبیہ کے الفاظ کہے۔ کہا گیا یہ کوئی بدو ہے؟ حضرت عبداللہؓ نے کہا لوگ بھول گئے ہیں؟ یا بھٹک گئے ہیں؟ میں نے اس کو جس پر سورۃ بقرۃ اتری اس جگہ

2235 :اطراف: مسلم باب استحباب ادامة الحاج التلبية حتى يشرع فى رمى جمرة ... 2231، 2232، 2233، 2234، 2236، 2237 باب رمى الجمار جمرة العقبة من بطن الوادى 2270، 2271، 2272 2273، 2274، 2275

تخریج: بخاری کتاب الوضوء باب اسباغ الوضوء 139 باب الرجل يُوَضِّئُ صاحبه 181 کتاب الحج باب نزول بين عرفة 1667، 1669 باب الجمع بين الصلاتين بالمزدلفة 1672 **نسائی** کتاب المواقيت كيف الجمع 609 کتاب الحج النزول بعدالرفع من عرفة 3024، 3025 الجمع بين الصلاتين بالمزدلفة 3031 **ابوداود** کتاب المناسک باب الدفعة من عرفة 1921، 1924، 1925 **ابن ماجه** کتاب المناسک باب النزول بين عرفات وجمع لمن كانت له حاجة 3019

2236 :اطراف: مسلم باب استحباب ادامة الحاج التلبية حتى يشرع فى رمى جمرة ... 2231، 2232، 2233، 2234، 2235، 2237 باب رمى الجمار جمرة العقبة من بطن الوادى 2270، 2271، 2272 2273، 2274، 2275

تخریج: بخاری کتاب الوضوء باب اسباغ الوضوء 139 باب الرجل يُوَضِّئُ صاحبه 181 کتاب الحج باب نزول بين عرفة 1667، 1669 باب الجمع بين الصلاتين بالمزدلفة 1672 **نسائی** کتاب المواقيت كيف الجمع 609 کتاب الحج النزول بعدالرفع من عرفة 3024، 3025 الجمع بين الصلاتين بالمزدلفة 3031 **ابوداود** کتاب المناسک باب الدفعة من عرفة 1921، 1924، 1925 **ابن ماجه** کتاب المناسک باب النزول بين عرفات وجمع لمن كانت له حاجة 3019

www.sirat-e-mustaqeem.net

النَّاسُ أَمْ ضَلُّوا سَمِعْتُ الَّذِي أُنْزِلَتْ عَلَيْهِ سُورَةُ الْبَقَرَةِ يَقُولُ فِي هَذَا الْمَكَانِ لَبَّيْكَ اللَّهُمَّ لَبَّيْكَ و حَدَّثَنَاه حَسَنٌ الْحُلْوَانِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ حُصَيْنٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ[3093,3092]

کہتے سنا لَبَّیْکَ اللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ میں تیری جناب میں حاضر ہوں اے اللہ! میں تیری جناب میں حاضر ہوں۔

2237{271} و حَدَّثَنِيهِ يُوسُفُ بْنُ حَمَّادٍ الْمَعْنِيُّ حَدَّثَنَا زِيَادٌ يَعْنِي الْبَكَّائِيَّ عَنْ حُصَيْنٍ عَنْ كَثِيرِ بْنِ مُدْرِكٍ الْأَشْجَعِيِّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ وَالْأَسْوَدِ بْنِ يَزِيدَ قَالَا سَمِعْنَا عَبْدَ اللَّهِ بْنَ مَسْعُودٍ يَقُولُ بِجَمْعٍ سَمِعْتُ الَّذِي أُنْزِلَتْ عَلَيْهِ سُورَةُ الْبَقَرَةِ هَاهُنَا يَقُولُ لَبَّيْكَ اللَّهُمَّ لَبَّيْكَ ثُمَّ لَبَّى وَلَبَّيْنَا مَعَهُ[3094]

2237: عبدالرحمان بن یزید اور اسود بن یزید سے روایت ہے وہ کہتے ہیں ہم نے حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے سنا۔ وہ مزدلفہ میں کہہ رہے تھے میں نے اس کو جس پر سورۃ البقرۃ اتاری گئی یہاں اس جگہ یہ کہتے سنا میں تیری جناب میں حاضر ہوں اے اللہ حاضر ہوں پھر انہوں نے تلبیہ کہا اور ہم نے بھی ان کے ساتھ تلبیہ کہا۔

[46]46:بَاب التَّلْبِيَةِ وَالتَّكْبِيرِ فِي الذَّهَابِ مِنْ مِنًى إِلَى عَرَفَاتٍ فِي يَوْمِ عَرَفَةَ

عرفہ کے دن منٰی سے عرفات جاتے ہوئے تلبیہ اور اللہ اکبر کہنے کا بیان

2238{272} حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى قَالَا حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ

2238: حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا ہم صبح کے وقت رسول اللہ ﷺ کے ساتھ منٰی

2237 :اطراف: مسلم باب استحباب ادامة الحاج التلبية حتى يشرع فى رمى جمرة ... 2231 ، 2232 ، 2233 ، 2234 2235 ، 2236 باب رمى الجمار جمرة العقبة من بطن الوادى 2270 ، 2271 ، 2272 2273 ، 2274 ، 2275

تخریج: بخاری کتاب الوضوء باب اسباغ الوضوء 139 باب الرجل يُوَضِّئُ صاحبه 181 کتاب الحج باب نزول بين عرفة 1667، 1669 باب الجمع بين الصلاتين بالمزدلفة 1672 **نسائی** کتاب المواقيت كيف الجمع 609 کتاب الحج النزول بعدالرفع من عرفة 3024 ، 3025 الجمع بين الصلاتين بالمزدلفة 3031 **ابوداود** کتاب المناسک باب الدفعة من عرفة 1921، 1924 1925 **ابن ماجه** کتاب المناسک باب النزول بين عرفات وجمع لمن كانت له حاجة 3019

2238:اطراف: مسلم باب التلبية والتقدير فى الذهاب من منى الى عرفات فى يوم عرفة 2239 =

نُمَيْرٍ ح و حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ يَحْيَى الْأُمَوِيُّ حَدَّثَنِي أَبِي قَالَا جَمِيعًا حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ غَدَوْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ مِنًى إِلَى عَرَفَاتٍ مِنَّا الْمُلَبِّي وَمِنَّا الْمُكَبِّرُ [3095]

سے عرفات کو چلے۔ ہم میں سے بعض تلبیہ کہنے والے تھے اور ہم میں سے بعض تکبیر کہنے والے تھے۔

2239{273} وَحَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ وَهَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ وَيَعْقُوبُ الدَّوْرَقِيُّ قَالُوا أَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ عُمَرَ بْنِ حُسَيْنٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَدَاةِ عَرَفَةَ فَمِنَّا الْمُكَبِّرُ وَمِنَّا الْمُهَلِّلُ فَأَمَّا نَحْنُ فَنُكَبِّرُ قَالَ قُلْتُ وَاللَّهِ لَعَجَبًا مِنْكُمْ كَيْفَ لَمْ تَقُولُوا لَهُ مَاذَا رَأَيْتَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصْنَعُ [3096]

2239: عبداللہ بن عبداللہ بن عمرؓ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ ہم عرفہ کی صبح رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے۔ پس ہم میں سے بعض تکبیر کہنے والے تھے اور ہم میں سے بعض تلبیہ کہنے والے تھے۔ ہم تو تکبیر ہی کہہ رہے تھے۔ راوی کہتے ہیں میں نے کہا اللہ کی قسم! تم پر بڑا تعجب ہے۔ یہ کیسے ہوا کہ تم نے انہیں یہ نہ کہا کہ آپؐ نے رسول اللہ ﷺ کو کیا کرتے دیکھا تھا۔

= **تخریج** : نسائی مناسک الحج التکبیر فی المسیر الی العرفة 3000 التلبیة فیه 3001 الغدو من منی الی عرفة 2998 2999 ابوداود کتاب المناسک باب متی یقطع التلبیة 1816

2239 :اطراف: مسلم باب التلبیة والتقدیر فی الذهاب من منی الی عرفات فی یوم عرفة 2238

تخریج : نسائی مناسک الحج التکبیر فی المسیر الی العرفة 3000 التلبیة فیه 3001 الغدو من منی الی عرفة 2998 ، 2999 ابوداود کتاب المناسک باب متی یقطع التلبیة 1816

www.sirat-e-mustaqeem.net

2240{274} وحَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ قَرَأْتُ عَلَى مَالِك عَنْ مُحَمَّد بْنِ أَبِي بَكْرٍ الثَّقَفِيِّ أَنَّهُ سَأَلَ أَنَسَ بْنَ مَالِك وَهُمَا غَادِيَانِ مِنْ مِنًى إِلَى عَرَفَةَ كَيْفَ كُنْتُمْ تَصْنَعُونَ فِي هَذَا الْيَوْمِ مَعَ رَسُولِ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ كَانَ يُهِلُّ الْمُهِلُّ مِنَّا فَلَا يُنْكَرُ عَلَيْهِ وَيُكَبِّرُ الْمُكَبِّرُ مِنَّا فَلَا يُنْكَرُ عَلَيْهِ[3097]

2240: محمد بن ابی بکر الثقفی سے روایت ہے کہ انہوں نے حضرت انس بن مالکؓ سے پوچھا جبکہ وہ دونوں صبح صبح منیٰ سے عرفات کی طرف جارہے تھے۔ آپ لوگ رسول اللہ ﷺ کی معیّت میں آج کے دن کیا کیا کرتے تھے۔ انہوں نے کہا ہم میں سے تلبیہ کہنے والا تلبیہ کہتا تھا اور اُسے غلط نہیں سمجھا جاتا تھا اور تکبیر کہنے والا تکبیر کہتا تھا اور اسے بھی غلط نہیں سمجھا جاتا تھا۔

2241{275} وحَدَّثَنِي سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّه بْنُ رَجَاءٍ عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ قَالَ قُلْتُ لِأَنَسِ بْنِ مَالِك غَدَاةَ عَرَفَةَ مَا تَقُولُ فِي التَّلْبِيَةِ هَذَا الْيَوْمَ قَالَ سِرْتُ هَذَا الْمَسِيرَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابِهِ فَمِنَّا الْمُكَبِّرُ وَمِنَّا الْمُهَلِّلُ وَلَا يَعِيبُ أَحَدُنَا عَلَى صَاحِبِهِ[3098]

2241: محمد بن ابی بکر کہتے ہیں میں نے عرفات کی صبح حضرت انس بن مالکؓ سے کہا آپ آج کے دن میں تلبیہ کے بارہ میں کیا کہتے ہیں۔ انہوں نے کہا میں اس جگہ نبی ﷺ اور آپؐ کے اصحابؓ کے ساتھ چلا۔ ہم میں سے بعض تکبیر کہنے والے تھے اور ہم میں سے بعض تلبیہ کہنے والے تھے۔ اور ہم میں سے کوئی اپنے ساتھی پر عیب نہ لگاتا تھا۔

2240 : **اطراف: مسلم** باب التلبية والتقدير فى الذهاب من منى الى عرفات فى يوم عرفة 2241

تخریج: بخاری كتاب الجمعة باب التكبير أيام منى واذا غدا الى عرفة 970 كتاب الحج باب التلبية والتكبير اذا غدا من منى الى عرفة 1659 **نسائی** مناسک الحج الغدو من منى الى عرفة 2998، 2999 التكبير فى المسير الى عرفة 3000 التلبية فيه 3001 **ابن ماجه** كتاب المناسک باب الغدو من منى الى عرفات 3008

2241 : **اطراف: مسلم** باب التلبية والتقدير فى الذهاب من منى الى عرفات فى يوم عرفة 2240

تخریج: بخاری كتاب الجمعة باب التكبير أيام منى واذا غدا الى عرفة 970 كتاب الحج باب التلبية والتكبير اذا غدا من منى الى عرفة 1659 **نسائی** مناسک الحج الغدو من منى الى عرفة 2998، 2999 التكبير فى المسير الى عرفة 3000 التلبية فيه 3001 **ابن ماجه** كتاب المناسک باب الغدو من منى الى عرفات 3008

www.sirat-e-mustaqeem.net

[47]47:بَاب الْإِفَاضَةِ مِنْ عَرَفَاتٍ إِلَى الْمُزْدَلِفَةِ وَاسْتِحْبَابِ صَلَاتَيِ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ جَمِيعًا بِالْمُزْدَلِفَةِ فِي هَذِهِ اللَّيْلَةِ

عرفات سے مزدلفہ کی طرف لوٹنے اور اس رات مزدلفہ میں مغرب اور عشاء کی نمازیں کو جمع کرنے کے مستحب ہونے کا بیان

2242{276}حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ قَرَأْتُ عَلَى مَالِك عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ عَنْ كُرَيْبٍ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ أَنَّهُ سَمِعَهُ يَقُولُ دَفَعَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عَرَفَةَ حَتَّى إِذَا كَانَ بِالشِّعْبِ نَزَلَ فَبَالَ ثُمَّ تَوَضَّأَ وَلَمْ يُسْبِغِ الْوُضُوءَ فَقُلْتُ لَهُ الصَّلَاةَ قَالَ الصَّلَاةُ أَمَامَكَ فَرَكِبَ فَلَمَّا جَاءَ الْمُزْدَلِفَةَ نَزَلَ فَتَوَضَّأَ فَأَسْبَغَ الْوُضُوءَ ثُمَّ أُقِيمَتِ الصَّلَاةُ فَصَلَّى الْمَغْرِبَ ثُمَّ أَنَاخَ كُلُّ إِنْسَانٍ بَعِيرَهُ فِي مَنْزِلِهِ ثُمَّ أُقِيمَتِ الْعِشَاءُ فَصَلَّاهَا وَلَمْ يُصَلِّ بَيْنَهُمَا شَيْئًا [3099]

2242: حضرت ابن عباسؓ کے آزاد کردہ غلام کریب حضرت اسامہ بن زیدؓ سے روایت کرتے ہیں—انہوں نے ان کو کہتے ہوئے سنا—رسول اللہ ﷺ عرفات سے روانہ ہوئے یہانتک کہ جب آپؐ گھاٹی کے پاس آئے تو (سواری سے) اترے پیشاب سے فارغ ہوئے، وضوء کیا مگر پورا وضوء نہیں کیا۔ میں نے آپؐ سے عرض کیا نماز! آپؐ نے فرمایا نماز آگے چل کر۔ پھر آپؐ سوار ہوئے پس جب آپؐ مزدلفہ آئے تو اترے اور وضوء کیا اور پورا وضوء کیا۔ پھر نماز کی اقامت کہی گئی۔ تو آپؐ نے نماز مغرب پڑھائی۔ پھر ہر شخص نے اپنا اونٹ اس کی جگہ پر بٹھا دیا۔ پھر نماز عشاء کی اقامت کہی گئی تو آپؐ نے نماز پڑھائی اور ان دونوں کے درمیان کوئی نماز نہیں پڑھی۔

2242:اطراف: مسلم باب استحباب ادامة الحاج التلبية حتى شرع 2259 باب الافاضة من عرفات الى مزدلفة... 2243، 2244، 2245، 2246، 2247

تخریج: بخاری کتاب الوضوء باب اسباغ الوضوء 139 باب الرجل يوضِئُ صاحبه 181 کتاب الحج باب النزول بين عرفة وجمع 1667، 1669، 1670 باب الجمع بين الصلاتين بالمزدلة 1672 **نسائی** کتاب المواقيت كيف الجمع 609 مناسک الحج لنزول بعدالدفع من عرفة 3024، 3025، 3026، 3027، 3028، 3029، 3030 الجمع بين الصلا تين بالمزدلفة 3031 **ابوداود** کتاب المناسک باب الصلاة بجمع 1921 باب الدفعة من عرفة 1924، 1925 **ابن ماجه** کتاب المناسک باب الجمع بين الصلاتين بجمع 3019

www.sirat-e-mustaqeem.net

2243{277} وحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُمْحٍ أَخْبَرَنَا اللَّيْثُ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ مَوْلَى الزُّبَيْرِ عَنْ كُرَيْبٍ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ قَالَ انْصَرَفَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ الدَّفْعَةِ مِنْ عَرَفَاتٍ إِلَى بَعْضِ تِلْكَ الشِّعَابِ لِحَاجَتِهِ فَصَبَبْتُ عَلَيْهِ مِنَ الْمَاءِ فَقُلْتُ أَتُصَلِّي فَقَالَ الْمُصَلَّى أَمَامَكَ[3100]

2243: حضرت اسامہ بن زیدؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ عرفات سے روانہ ہونے کے بعد ان گھاٹیوں میں سے ایک گھاٹی میں حاجت کے لئے تشریف لے گئے۔ میں نے (آپؐ کے آنے پر) پانی انڈیلا اور عرض کیا، کیا آپؐ نماز پڑھیں گے؟ آپؐ نے فرمایا نماز کی جگہ تمہارے آگے ہے۔

2244{278} وحَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الْمُبَارَكِ ح و حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ وَاللَّفْظُ لَهُ حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عُقْبَةَ عَنْ كُرَيْبٍ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ سَمِعْتُ أُسَامَةَ بْنَ

2244: حضرت اسامہ بن زیدؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ عرفات سے لوٹے۔ جب آپؐ گھاٹی کے پاس پہنچے تو آپؐ اترے اور پیشاب سے فارغ ہوئے اور حضرت اسامہؓ نے اَرَاقَ الْمَاء☆ کے الفاظ استعمال نہیں کئے۔ وہ کہتے ہیں آپؐ نے

2243: اطراف: مسلم باب استحباب ادامة الحاج التلبية حتى شرع 2259 باب الافاضة من عرفات الى مزدلفة... 2242، 2244، 2245، 2246، 2247

تخریج: بخاری کتاب الوضوء باب اسباغ الوضوء 139 باب الرجل يوضِئُ صاحبه 181 کتاب الحج باب النزول بين عرفة وجمع 1667، 1669، 1670 باب الجمع بين الصلاتين بالمزدلة 1672 **نسائی** کتاب المواقيت كيف الجمع 609 مناسک الحج لنزول بعدالدفع من عرفة 3024، 3025، 3026، 3027، 3028، 3029، 3030 الجمع بين الصلا تين بالمزدلفة 3031 **ابوداود** کتاب المناسک باب الصلاة بجمع 1921 باب الدفعة من عرفة 1924، 1925 **ابن ماجه** کتاب المناسک باب الجمع بين الصلا تين بجمع 3019

2244: اطراف: مسلم باب استحباب ادامة الحاج التلبية حتى شرع 2259 باب الافاضة من عرفات الى مزدلفة... 2242، 2243، 2245، 2246، 2247

تخریج: بخاری کتاب الوضوء باب اسباغ الوضوء 139 باب الرجل يوضِئُ صاحبه 181 کتاب الحج باب النزول بين عرفة وجمع 1667، 1669، 1670 باب الجمع بين الصلاتين بالمزدلة 1672 **نسائی** کتاب المواقيت كيف الجمع 609 مناسک الحج لنزول بعدالدفع من عرفة 3024، 3025، 3026، 3027، 3028، 3029، 3030 الجمع بين الصلا تين بالمزدلفة 3031 **ابوداود** کتاب المناسک باب الصلاة بجمع 1921 باب الدفعة من عرفة 1924، 1925 **ابن ماجه** کتاب المناسک باب الجمع بين الصلا تين بجمع 3019

☆: بعض روایات میں ''بَالَ'' کی جگہ ''اَرَاقَ الْمَاءَ'' کے الفاظ اس موقعہ پر آئے ہیں۔

www.sirat-e-mustaqeem.net

زَيْدٍ يَقُولُ أَفَاضَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عَرَفَاتٍ فَلَمَّا انْتَهَى إِلَى الشِّعْبِ نَزَلَ فَبَالَ وَلَمْ يَقُلْ أُسَامَةُ أَرَاقَ الْمَاءَ قَالَ فَدَعَا بِمَاءٍ فَتَوَضَّأَ وُضُوءًا لَيْسَ بِالْبَالِغِ قَالَ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ الصَّلَاةَ قَالَ الصَّلَاةُ أَمَامَكَ قَالَ ثُمَّ سَارَ حَتَّى بَلَغَ جَمْعًا فَصَلَّى الْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ[3101]

پانی منگوایا اور آپؐ نے وضوء کیا مگر وہ پورا وضوء نہ تھا۔ وہ کہتے ہیں میں نے کہا یا رسولؐ اللہ! نماز؟ آپؐ نے فرمایا نماز آگے چل کر۔ وہ کہتے ہیں پھر آپؐ چلے یہاں تک کہ آپؐ مزدلفہ پہنچے اور آپؐ نے مغرب اور عشاء کی نماز پڑھی۔

2245{279} وَحَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ أَبُو خَيْثَمَةَ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ عُقْبَةَ أَخْبَرَنِي كُرَيْبٌ أَنَّهُ سَأَلَ أُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ كَيْفَ صَنَعْتُمْ حِينَ رَدِفْتَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَشِيَّةَ عَرَفَةَ فَقَالَ جِئْنَا الشِّعْبَ الَّذِي يُنِيخُ النَّاسُ فِيهِ لِلْمَغْرِبِ فَأَنَاخَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَاقَتَهُ وَبَالَ وَمَا قَالَ أَهَرَاقَ الْمَاءَ ثُمَّ دَعَا بِالْوَضُوءِ فَتَوَضَّأَ وُضُوءًا لَيْسَ بِالْبَالِغِ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ الصَّلَاةَ فَقَالَ الصَّلَاةُ

2245: کریب کہتے ہیں کہ انہوں نے حضرت اسامہ بن زیدؓ سے پوچھا جب آپ عرفات کی شام رسول اللہ ﷺ کے پیچھے سوار ہوئے تو آپ لوگوں نے کیا کیا تھا؟ انہوں نے کہا ہم اس گھاٹی پر آئے جہاں لوگ مغرب کے لئے پڑاؤ کرتے ہیں تو رسول اللہ ﷺ نے اپنی اونٹنی کو وہاں بٹھایا اور پیشاب کیا۔ انہوں نے اَهْـرَاقَ الْـمَـاء کے الفاظ استعمال نہیں کئے۔ پھر وضوء کا پانی منگوایا اور وضوء کیا جو پورا نہ تھا۔ میں نے کہا یا رسولؐ اللہ! نماز؟ آپؐ نے فرمایا نماز آگے چل کر۔ پھر آپؐ سوار ہوئے یہاں تک کہ ہم مزدلفہ آئے تو آپؐ نے مغرب کی نماز

2245:اطراف: مسلم باب استحباب ادامة الحاج التلبية حتى شرع 2259 باب الافاضة من عرفات الى مزدلفة... 2242، 2243، 2244، 2246، 2247

تخریج: بخاری کتاب الوضوء باب اسباغ الوضوء 139 باب الرجل يوضِئُ صاحبه 181 کتاب الحج باب النزول بين عرفة وجمع 1667، 1669، 1670 باب الجمع بين الصلاتين بالمزدلة 1672 **نسائی** کتاب المواقيت كيف الجمع 609 مناسک الحج لنزول بعدالدفع من عرفة 3024، 3025، 3026، 3027، 3028، 3029، 3030 الجمع بين الصلا تين بالمزدلفة 3031 **ابوداود** کتاب المناسک باب الصلاة بجمع 1921 باب الدفعة من عرفة 1924، 1925 **ابن ماجه** کتاب المناسک باب الجمع بين الصلاتين بجمع 3019

www.sirat-e-mustaqeem.net

أَمَامَكَ فَرَكِبَ حَتَّى جِئْنَا الْمُزْدَلِفَةَ فَأَقَامَ الْمَغْرِبَ ثُمَّ أَنَاخَ النَّاسُ فِي مَنَازِلِهِمْ وَلَمْ يَحُلُّوا حَتَّى أَقَامَ الْعِشَاءَ الْآخِرَةَ فَصَلَّى ثُمَّ حَلُّوا قُلْتُ فَكَيْفَ فَعَلْتُمْ حِينَ أَصْبَحْتُمْ قَالَ رَدِفَهُ الْفَضْلُ بْنُ عَبَّاسٍ وَانْطَلَقْتُ أَنَا فِي سُبَّاقِ قُرَيْشٍ عَلَى رِجْلَيَّ [3102]

پڑھائی۔ پھر لوگوں نے اپنی جگہوں پر اپنے اونٹ بٹھائے لیکن پڑاؤ نہیں کیا یہانتک کہ آپؐ نے عشاء کی نماز کے لئے اقامت کا ارشاد فرمایااور نماز پڑھائی۔ پھرلوگوں نے پڑاؤ کیا۔ میں نے کہاجب صبح ہوئی تو آپ لوگوں نے کیا کیاتھا؟انہوں نے کہا آپؐ کے پیچھے سواری پر فضل بن عباسؓ بیٹھے اور میں قریش کے آگے جانے والوں میں پاپیادہ گیا۔

2246{280} حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُقْبَةَ عَنْ كُرَيْبٍ عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا أَتَى النَّقْبَ الَّذِي يَنْزِلُهُ الْأُمَرَاءُ نَزَلَ فَبَالَ وَلَمْ يَقُلْ أَهَرَاقَ ثُمَّ دَعَا بِوَضُوءٍ فَتَوَضَّأَ وُضُوءًا خَفِيفًا فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ الصَّلَاةَ فَقَالَ الصَّلَاةُ أَمَامَكَ[3103]

2246: حضرت اسامہ بن زیدؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب اس درہ پر آئے جہاں (اب) امراء پڑاؤ کرتے ہیں تو آپؐ اترے اور پیشاب سے فارغ ہوئے۔ راوی کہتے ہیں کہ حضرت اسامہؓ بن زیدؓ نے ''اَھَراق'' کے الفاظ استعمال نہیں کئے۔ پھر آپؐ نے وضوء کا پانی منگوایا اور آپؐ نے ہلکا سا وضوء کیا۔ میں نے کہا یا رسولؐ اللہ! نماز؟ آپؐ نے فرمایا نماز آگے چل کر۔

2247{281} حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ

2247: حضرت اسامہ بن زیدؓ سے روایت ہے کہ وہ رسول اللہ ﷺ کے پیچھے (سواری پر) بیٹھے ہوئے

2246: اطراف: مسلم باب استحباب ادامة الحاج التلبية حتى شرع 2259 باب الافاضة من عرفات الى مزدلفة... 2242، 2243، 2244، 2245، 2247

تخریج: بخاری کتاب الوضوء باب اسباغ الوضوء 139 باب الرجل يوضِئُ صاحبه 181 کتاب الحج باب النزول بين عرفة وجمع 1667، 1669، 1670 باب الجمع بين الصلاتين بالمزدلة 1672 **نسائی** کتاب المواقيت كيف الجمع 609 مناسک الحج لنزول بعدالدفع من عرفة 3024، 3025، 3026، 3027، 3028، 3029، 3030 الجمع بين الصلا تين بالمزدلفة 3031 **ابوداود** کتاب المناسک باب الصلاة بجمع 1921 باب الدفعة من عرفة 1924، 1925 **ابن ماجه** کتاب المناسک باب الجمع بين الصلاتين بجمع 3019

2247: اطراف: مسلم باب استحباب ادامة الحاج التلبية حتى شرع 2259 باب الافاضة من عرفات الى مزدلفة... 2242، 2243، 2244، 2245، 2246 =

www.sirat-e-mustaqeem.net

عَطَاءٍ مَوْلَى ابْنِ سِبَاعٍ عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ أَنَّهُ كَانَ رَدِيفَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ أَفَاضَ مِنْ عَرَفَةَ فَلَمَّا جَاءَ الشِّعْبَ أَنَاخَ رَاحِلَتَهُ ثُمَّ ذَهَبَ إِلَى الْغَائِطِ فَلَمَّا رَجَعَ صَبَبْتُ عَلَيْهِ مِنَ الْإِدَاوَةِ فَتَوَضَّأَ ثُمَّ رَكِبَ ثُمَّ أَتَى الْمُزْدَلِفَةَ فَجَمَعَ بِهَا بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ [3104]

تھے جب آپؐ عرفات سے واپس لوٹے۔ جب آپؐ گھاٹی کے پاس پہنچے آپؐ نے اپنی سواری کو بٹھایا اور قضائے حاجت کے لئے گئے۔ جب آپؐ واپس آئے تو میں نے آپؐ کے لئے چھاگل سے پانی انڈیلا۔ آپؐ نے وضو کیا پھر سوار ہوئے اور آپؐ مزدلفہ آئے یہاں آپؐ نے نماز مغرب اور عشاء جمع کر کے ادا کیں۔

2248{282} حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ أَبِي سُلَيْمَانَ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَفَاضَ مِنْ عَرَفَةَ وَأُسَامَةُ رِدْفُهُ قَالَ أُسَامَةُ فَمَا زَالَ يَسِيرُ عَلَى هَيْئَتِهِ حَتَّى أَتَى جَمْعًا [3105]

2248: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ عرفات سے لوٹے اور اسامہؓ آپؐ کے پیچھے بیٹھے ہوئے تھے۔ حضرت اسامہؓ کہتے تھے کہ آپؐ اس حالت میں چلتے رہے یہانتک کہ مزدلفہ پہنچے۔

2249{283} وحَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ وَقُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ جَمِيعًا عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ

2249: ہشام اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ کہتے ہیں حضرت اسامہؓ سے پوچھا گیا اور میں موجود

= **تخریج: بخاری** کتاب الوضوء باب اسباغ الوضوء 139 باب الرجل یوضیٔ صاحبہ 181 کتاب الحج باب النزول بین عرفة وجمع 1667، 1669، 1670 باب الجمع بین الصلاتین بالمزدلة 1672 **نسائی** کتاب المواقیت کیف الجمع 609 مناسک الحج لنزول بعدالدفع من عرفة 3024، 3025، 3026، 3027، 3028، 3029، 3030 الجمع بین الصلاتین بالمزدلفة 3031 **ابوداود** کتاب المناسک باب الصلاة بجمع 1921 باب الدفعة من عرفة 1924، 1925 **ابن ماجه** کتاب المناسک باب الجمع بین الصلاتین بجمع 3019

2248 :تخریج: بخاری کتاب الحج باب الرکوب والارتداف فی الحج 1544 باب التلبیة والتکبیر غدة النحر... 1686 1687 **نسائی** مناسک الحج فرض الوقوف بعرفة 3017، 3018 الجمع بین الصلاتین بالمزدلفة 3031

2249 :تخریج: بخاری کتاب الحج باب السیر اذا دفع من عرفة 1666 کتاب الجهاد والسیرباب السرعة فی السیر 2999 کتاب المغازی باب حجة الوداع 4413 **ترمذی** کتاب الحج باب ماجاء فی الجمع بین المغرب والعشاء بالمزدلفة 887 **نسائی** کتاب الاذان باب الاقامة لمن جمع بین الصلاتین 658 مناسک الحج کیف السیر من عرفة 3023 باب الرخصة للضعفة ان یُصَلُّوا یوم النحر الصبح بمنیٰ 3051 **ابوداود** کتاب المناسک باب الدفعة من عرفة 1922، 1923 **ابن ماجه** کتاب المناسک باب الدفعة من عرفة 3017

www.sirat-e-mustaqeem.net

قَالَ أَبُو الرَّبِيعِ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ أَبِيهِ قَالَ سُئِلَ أُسَامَةُ وَأَنَا شَاهِدٌ أَوْ قَالَ سَأَلْتُ أُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ وَكَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرْدَفَهُ مِنْ عَرَفَاتٍ قُلْتُ كَيْفَ كَانَ يَسِيرُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ أَفَاضَ مِنْ عَرَفَةَ قَالَ كَانَ يَسِيرُ الْعَنَقَ فَإِذَا وَجَدَ فَجْوَةً نَصَّ {284}و حَدَّثَنَاه أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ وَعَبْدُ اللَّهِ بْنُ نُمَيْرٍ وَحُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَزَادَ فِي حَدِيثِ حُمَيْدٍ قَالَ هِشَامٌ وَالنَّصُّ فَوْقَ الْعَنَقِ [3107,3106]

تھا یا یہ کہا میں نے حضرت اسامہؓ بن زیدؓ سے پوچھا اور رسول اللہ ﷺ نے انہیں عرفات سے اپنے پیچھے بٹھایا تھا۔ میں نے کہا رسول اللہ ﷺ جب عرفات سے واپس تشریف لائے تو کس رفتار سے چل رہے تھے؟ انہوں نے کہا آپؐ لمبے قدم سے تیز چال اپنے جانور کو چلا رہے تھے۔ اور جب کشادہ جگہ پاتے تو جانور کو دوڑاتے تھے۔

ہشام کہتے ہیں اَلنَّصُّ ، اَلْعَنَقُ سے اوپر ہوتی ہے۔

2250{285}حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ أَخْبَرَنِي عَدِيُّ بْنُ ثَابِتٍ أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ يَزِيدَ الْخَطْمِيَّ حَدَّثَهُ أَنَّ أَبَا أَيُّوبَ أَخْبَرَهُ أَنَّهُ صَلَّى مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ الْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ بِالْمُزْدَلِفَةِ و حَدَّثَنَاه قُتَيْبَةُ وَابْنُ رُمْحٍ عَنِ اللَّيْثِ بْنِ

2250: عبداللہ بن یزید خطمی بیان کرتے ہیں کہ حضرت ابوایوبؓ نے انہیں بتایا کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ حجۃ الوداع میں مغرب اور عشاء کی نمازیں مزدلفہ میں ادا کیں۔

عبداللہ بن یزید خطمی ابن زبیرؓ کے عہد حکومت میں کوفہ کے امیر تھے۔

2250 :تخریج: بخاری کتاب الحج باب حجة الوداع 4414 باب تصلی المغرب ثلاثًا فی السفر 1092 باب النزول بین عرفة وجمع 1668 باب من یصلی الفجر بجمع 1682 باب من جمع بینهما ولم یتطوع 1673، 1674 **نسائی** کتاب المواقیت الجمع بین المغرب والعشاء بالمزدلفة 605، 606، 607، 608 مناسک الحج الجمع بین الصلاتین بالمزدلفة 3026 3027، 3028، 3030 **ابوداود** کتاب المناسک باب الصلاة بجمع 1926، 1927، 1928 **ابن ماجه** کتاب المناسک باب الجمع بین الصلاتین بجمع 3020

www.sirat-e-mustaqeem.net

سَعْدٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ قَالَ ابْنُ رُمْحٍ فِي رِوَايَتِهِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ يَزِيدَ الْخَطْمِيِّ وَكَانَ أَمِيرًا عَلَى الْكُوفَةِ عَلَى عَهْدِ ابْنِ الزُّبَيْرِ[3109,3108]

2251{286} وحَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ قَرَأْتُ عَلَى مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى الْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ بِالْمُزْدَلِفَةِ جَمِيعًا[3110]

2251: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مزدلفہ میں نماز مغرب وعشاء جمع کیں۔

2252{287} و حَدَّثَنِي حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَنَّ عُبَيْدَ اللَّهِ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ أَخْبَرَهُ أَنَّ أَبَاهُ قَالَ جَمَعَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ

2252: عبیداللہ بن عبداللہ بن عمرؓ نے بتایا کہ ان کے والد کہتے تھے کہ رسول اللہ ﷺ نے مزدلفہ میں نماز مغرب اور عشاء جمع کر کے پڑھیں اور ان کے درمیان کوئی نفل نہیں تھا اور مغرب کی تین رکعات اور عشاء کی دو رکعات پڑھیں☆۔

2251 :اطراف: مسلم کتاب الحج باب الافاضة من عرفات الى المزدلفة ... 2252 ، 2253 ، 2254 ، 2255

تخریج: بخاری کتاب الحج باب حجة الوداع 4414 باب تصلى المغرب ثلاثًا فى السفر 1092 باب النزول بين عرفة وجمع 1668 باب من يصلى الفجر بجمع 1682 باب من جمع بينهما ولم يتطوع 1673 ، 1674 **نسائی** کتاب المواقيت الجمع بين المغرب والعشاء بالمزدلفة 605 ، 606 ، 607 ، 608 مناسک الحج الجمع بين الصلاتين بالمزدلفة 3026 ، 3027 3028 3030 **ابوداود** کتاب المناسک باب الصلاة بجمع 1926 ، 1927 ، 1928 **ابن ماجه** کتاب المناسک باب الجمع بين الصلاتين بجمع 3020

2252 :اطراف: مسلم کتاب الحج باب الافاضة من عرفات الى المزدلفة ... 2251 ، 2253 ، 2254 ، 2255

تخریج: بخاری کتاب الحج باب حجة الوداع 4414 باب تصلى المغرب ثلاثًا فى السفر 1092 باب النزول بين عرفة وجمع 1668 باب من يصلى الفجر بجمع 1682 باب من جمع بينهما ولم يتطوع 1673 ، 1674 **نسائی** کتاب المواقيت الجمع بين المغرب والعشاء بالمزدلفة 605 ، 606 ، 607 ، 608 مناسک الحج الجمع بين الصلاتين بالمزدلفة 3026 ، 3027 3028 3030 **ابوداود** کتاب المناسک باب الصلاة بجمع 1926 ، 1927 ، 1928 **ابن ماجه** کتاب المناسک باب الجمع بين الصلاتين بجمع 3020

☆ بخاری میں روایت ہے کہ جَمَعَ النَّبِيُّ ﷺ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ بِجَمْعٍ كُلُّ وَاحِدَةٍ مِنْهَا بِإِقَامَةٍ۔

www.sirat-e-mustaqeem.net

بِجَمْعٍ لَيْسَ بَيْنَهُمَا سَجْدَةٌ وَصَلَّى الْمَغْرِبَ ثَلَاثَ رَكَعَاتٍ وَصَلَّى الْعِشَاءَ رَكْعَتَيْنِ فَكَانَ عَبْدُ اللَّهِ يُصَلِّي بِجَمْعٍ كَذَلِكَ حَتَّى لَحِقَ بِاللَّهِ تَعَالَى [3111]

حضرت عبداللہؓ مزدلفہ میں اسی طرح نماز پڑھتے تھے یہانتک کہ آپ اللہ تعالیٰ سے جاملے۔

2253{288} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ وَسَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ أَنَّهُ صَلَّى الْمَغْرِبَ بِجَمْعٍ وَالْعِشَاءَ بِإِقَامَةٍ ثُمَّ حَدَّثَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّهُ صَلَّى مِثْلَ ذَلِكَ وَحَدَّثَ ابْنُ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَنَعَ مِثْلَ ذَلِكَ {289}وَحَدَّثَنِيهِ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَقَالَ صَلَّاهُمَا بِإِقَامَةٍ وَاحِدَةٍ [3113,3112]

2253: سعید بن جبیر سے روایت ہے کہ انہوں نے مزدلفہ میں نماز مغرب اور نماز عشاء میں سے ہر ایک اقامت کے ساتھ ادا کی۔ پھر انہوں نے حضرت ابن عمرؓ کے بارہ میں روایت کی کہ انہوں نے بھی اسی طرح نماز پڑھی تھی۔ اور حضرت ابن عمرؓ نے بیان کیا کہ نبی ﷺ نے بھی ایسا ہی کیا تھا۔
ایک اور روایت میں ہے کہ دونوں کو ایک اقامت سے پڑھا۔

2254{290} وحَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا الثَّوْرِيُّ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ

2254: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مزدلفہ میں نماز مغرب اور عشاء جمع کر کے پڑھیں۔ آپؐ نے مغرب کی تین

2253 :اطراف: مسلم کتاب الحج باب الافاضة من عرفات الى المزدلفة ... 2251 ، 2252 ، 2254 ، 2255

تخریج: بخاری کتاب الحج باب حجة الوداع 4414 باب تصلى المغرب ثلاثًا فى السفر 1092 باب النزول بين عرفة وجمع 1668 باب من يصلى الفجر بجمع 1682 باب من جمع بينهما ولم يتطوع 1673 ، 1674 **نسائی** کتاب المواقيت الجمع بين المغرب والعشاء بالمزدلفة 605 ، 606 ، 607 ، 608 مناسک الحج الجمع بين الصلاتين بالمزدلفة 3026 ، 3027 3028 3030 **ابوداود** کتاب المناسک باب الصلاة بجمع 1926 ، 1927 ، 1928 **ابن ماجه** کتاب المناسک باب الجمع بين الصلاتين بجمع 3020

2254 :اطراف: مسلم کتاب الحج باب الافاضة من عرفات الى المزدلفة ... 2251 ، 2252 ، 2253 ، 2255 =

www.sirat-e-mustaqeem.net

جَمَعَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ بِجَمْعٍ صَلَّى الْمَغْرِبَ ثَلَاثًا وَالْعِشَاءَ رَكْعَتَيْنِ بِإِقَامَةٍ وَاحِدَةٍ[3114]

رکعتیں اور عشاء کی دو رکعت ایک اقامت سے پڑھیں ☆۔

2255{291} و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ بْنُ أَبِي خَالِدٍ عَنْ أَبِي إِسْحَقَ قَالَ قَالَ سَعِيدُ بْنُ جُبَيْرٍ أَفَضْنَا مَعَ ابْنِ عُمَرَ حَتَّى أَتَيْنَا جَمْعًا فَصَلَّى بِنَا الْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ بِإِقَامَةٍ وَاحِدَةٍ ثُمَّ انْصَرَفَ فَقَالَ هَكَذَا صَلَّى بِنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي هَذَا الْمَكَانِ[3115]

2255: سعید بن جبیر کہتے ہیں ہم حضرت ابن عمرؓ کے ساتھ (عرفات سے) لوٹے یہاں تک کہ ہم مزدلفہ پہنچے اور انہوں نے ہمیں نماز مغرب اور عشاء ایک اقامت سے پڑھائی۔ پھر وہ (جب) فارغ ہوئے تو انہوں نے کہا رسول اللہ ﷺ نے ہمیں اس جگہ اسی طرح نماز پڑھائی تھی۔

=**تخریج: بخاری** کتاب الحج باب حجة الوداع 4414 باب تصلی المغرب ثلاثًا فی السفر 1092 باب النزول بین عرفة وجمع 1668 باب من یصلی الفجر بجمع 1682 باب من جمع بینهما ولم یتطوع 1673، 1674 **نسائی** کتاب المواقیت الجمع بین المغرب والعشاء بالمزدلفة 605، 606، 607، 608 مناسک الحج باب الجمع بین الصلاتین بالمزدلفة 3026، 30283027 3030 **ابوداود** کتاب المناسک باب الصلاة بجمع 1926، 1927، 1928 **ابن ماجه** کتاب المناسک باب الجمع بین الصلاتین بجمع 3020

☆امام محمد بن خلیفہ الوشتانی کہتے ہیں کہ یہاں ایک اقامت سے مراد عشاء کی نماز میں اذان کے بغیر صرف اقامت کہنا ہے۔ (شرح الأبّی والسنوسی علی صحیح مسلم)

2255 :اطراف: مسلم کتاب الحج باب الافاضة من عرفات الی المزدلفة ...2251، 2252، 2253، 2254

تخریج: بخاری کتاب الحج باب حجة الوداع 4414 باب تصلی المغرب ثلاثًا فی السفر 1092 باب النزول بین عرفة وجمع 1668 باب من یصلی الفجر بجمع 1682 باب من جمع بینهما ولم یتطوع 1673، 1674 **نسائی** کتاب المواقیت الجمع بین المغرب والعشاء بالمزدلفة 605، 606، 607، 608 مناسک الحج باب الجمع بین الصلاتین بالمزدلفة 3026، 30283027 3030 **ابوداود** کتاب المناسک باب الصلاة بجمع 1926، 1927، 1928 **ابن ماجه** کتاب المناسک باب الجمع بین الصلاتین بجمع 3020

www.sirat-e-mustaqeem.net

[48]48:بَاب اسْتِحْبَابِ زِيَادَةِ التَّغْلِيسِ بِصَلَاةِ الصُّبْحِ يَوْمَ النَّحْرِ بِالْمُزْدَلِفَةِ وَالْمُبَالَغَةِ فِيهِ بَعْدَ تَحَقُّقِ طُلُوعِ الْفَجْرِ

قربانی کے دن مزدلفہ میں نماز فجر فی الواقعہ فجر کے طلوع ہونے کے بعد زیادہ سے زیادہ اندھیرے میں پڑھنے کے مستحب ہونے کا بیان

2256{292}حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَأَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَبُو كُرَيْبٍ جَمِيعًا عَنْ أَبِي مُعَاوِيَةَ قَالَ يَحْيَى أَخْبَرَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ عُمَارَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ مَا رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى صَلَاةً إِلَّا لِمِيقَاتِهَا إِلَّا صَلَاتَيْنِ صَلَاةَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ بِجَمْعٍ وَصَلَّى الْفَجْرَ يَوْمَئِذٍ قَبْلَ مِيقَاتِهَا و حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ جَمِيعًا عَنْ جَرِيرٍ عَنِ الْأَعْمَشِ بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَقَالَ قَبْلَ وَقْتِهَا بِغَلَسٍ [3117,3116]

2256: حضرت عبداللہؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ ﷺ کو نماز اپنے (معمول کے) وقت پر ہی پڑھتے دیکھا ہے سوائے دو نمازوں کے۔(ایک تو) مزدلفہ میں مغرب اور عشاء کی نماز اور (دوسرے) فجر اس روز آپؐ نے (معمول کے) وقت سے پہلے پڑھی۔

ایک اور روایت میں (قَبْلَ مِيقَاتِهَا کی بجائے) قَبْلَ وَقْتِهَا بِغَلَسٍ کے الفاظ ہیں۔

2256 :تخریج: بخاری کتاب الحج باب من أذّن وأقام لكل واحدة منهما 1675 باب من يصلى الفجر بجمع 1682 1683 نسائی مناسک الحج الجمع بين الظهر والعصر بعرفة 3010 الجمع بين الصلاتين بالمزدلفة 3026، 3027، 3028 3029، 3030، 3031 الوقت الذى يصلى فيه الصبح بالمزدلفة 3038 ابوداود كتاب المناسک باب الصلاة بجمع 1933 1934

www.sirat-e-mustaqeem.net

[49]49:بَاب اسْتِحْبَابِ تَقْدِيمِ دَفْعِ الضَّعَفَةِ مِنَ النِّسَاءِ وَغَيْرِهِنَّ مِنْ مُزْدَلِفَةَ إِلَى مِنًى فِي أَوَاخِرِ اللَّيْلِ قَبْلَ زَحْمَةِ النَّاسِ وَاسْتِحْبَابِ الْمُكْثِ لِغَيْرِهِمْ حَتَّى يُصَلُّوا الصُّبْحَ بِمُزْدَلِفَةَ

عورتوں وغیرہ میں سے کمزوروں کا رات کے آخری حصّہ میں لوگوں کا ہجوم ہونے سے پہلے مزدلفہ سے منٰی روانہ ہونے کے مستحب ہونے کا بیان اوران کے علاوہ دوسروں کا مزدلفہ میں ٹھہرے رہنا یہاں تک کہ صبح کی نماز پڑھ لیں کے استحباب کا بیان

2257{293} وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْلَمَةَ بْنِ قَعْنَبٍ حَدَّثَنَا أَفْلَحُ يَعْنِي ابْنَ حُمَيْدٍ عَنْ الْقَاسِمِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا قَالَتْ اسْتَأْذَنَتْ سَوْدَةُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ الْمُزْدَلِفَةِ تَدْفَعُ قَبْلَهُ وَقَبْلَ حَطْمَةِ النَّاسِ وَكَانَتْ امْرَأَةً ثَبِطَةً يَقُولُ الْقَاسِمُ وَالثَّبِطَةُ الثَّقِيلَةُ قَالَ فَأَذِنَ لَهَا فَخَرَجَتْ قَبْلَ دَفْعِهِ وَحَبَسَنَا حَتَّى أَصْبَحْنَا فَدَفَعْنَا بِدَفْعِهِ وَلَأَنْ أَكُونَ اسْتَأْذَنْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا اسْتَأْذَنَتْهُ سَوْدَةُ فَأَكُونَ أَدْفَعُ بِإِذْنِهِ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ مَفْرُوحٍ بِهِ[3118]

2257: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے وہ کہتی ہیں کہ مزدلفہ کی رات حضرت سودہؓ نے رسول اللہ ﷺ سے اجازت چاہی کہ وہ آپؐ سے پہلے اورلوگوں کے ہجوم سے پہلے پہلے واپس (منٰی) روانہ ہوجائیں اور وہ بھاری بھرکم خاتون تھیں۔ قاسم کہتے ہیں الثبطہ کے معنے ہیں (الثقیلۃ) بھاری بھرکم۔ وہ کہتے ہیں (حضرت عائشہؓ نے فرمایا) آپؐ نے انہیں اجازت دے دی۔ وہ آپؐ کی روانگی سے پہلے چلی گئیں اور ہمیں آپؐ نے روک لیا یہانتک کہ صبح ہوگئی۔ پھر ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ روانہ ہوئے۔ اگر میں نے (بھی) رسول اللہ ﷺ سے اجازت

2257 :اطراف :مسلم کتاب الحج باب استحباب زیادۃ التغلیس بصلاۃ الصبح... 2258، 2259، 2260، 2261، 2261

تخریج: بخاری کتاب الحج باب من قدم ضعفۃ أھلہ بلیل فیقفون بالمزدلفۃ ... 1680، 1681 **نسائی** مناسک الحج باب الرخصۃ للنساء فی الافاضۃ من جمع قبل الصبح 3037 باب الرخصۃ للضعفۃ ان یصلّوا یوم النحر الصبح بمنی 3049 **ابن ماجہ** کتاب المناسک باب من تقدم من جمع (الی منی) لِرَمیِ الجمار 3027

www.sirat-e-mustaqeem.net

لے لی ہوتی جیسا کہ حضرت سودہؓ نے اجازت لی تھی اور میں آپ کی اجازت سے روانہ ہو جاتی تو مجھے آپ کے ساتھ ہونے کی خوشی سے یہ بات زیادہ پسند آتی۔

2258{294} و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى جَمِيعًا عَنِ الثَّقَفِيِّ قَالَ ابْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنِ الْقَاسِمِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَتْ سَوْدَةُ امْرَأَةً ضَخْمَةً ثَبِطَةً فَاسْتَأْذَنَتْ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ تُفِيضَ مِنْ جَمْعٍ بِلَيْلٍ فَأَذِنَ لَهَا فَقَالَتْ عَائِشَةُ فَلَيْتَنِي كُنْتُ اسْتَأْذَنْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا اسْتَأْذَنَتْهُ سَوْدَةُ وَكَانَتْ عَائِشَةُ لَا تُفِيضُ إِلَّا مَعَ الْإِمَامِ [3119]

2258: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے وہ فرماتی ہیں کہ حضرت سودہؓ بھاری بھرکم آہستہ چلنے والی خاتون تھیں۔ انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے اجازت لی کہ رات کو ہی مزدلفہ سے (منیٰ) واپس چلی جائیں۔ آپؐ نے انہیں اجازت دے دی۔ حضرت عائشہؓ کہتی ہیں کاش! میں نے بھی رسول اللہ ﷺ سے اجازت لے لی ہوتی جیسا کہ حضرت سودہؓ نے آپؐ سے اجازت لی تھی اور حضرت عائشہؓ امام کے ساتھ ہی واپس جایا کرتی تھیں۔

2259{295} و حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنِ الْقَاسِمِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ

2259: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے وہ فرماتی ہیں میں چاہتی ہوں کہ میں نے بھی رسول اللہ ﷺ سے اجازت لے لی ہوتی جیسے حضرت سودہؓ نے آپؐ سے

2258 :اطراف: مسلم کتاب الحج باب استحباب زیادة التغلیس بصلاة الصبح... 2257، 2259، 2260، 2261، 2261
